www.ustaman.com.pk

روزنامہ مستونگ

استمان

چیف ایڈیٹر: منیر احمد

جلد نمبر۔ 20 بدھ 30 ستمبر 2026ء 17 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 10 روپے۔ شمارہ نمبر 91

Daily **USTAMAN** ABC Certified E-mail: ustamanmail@gmail.com

مستونگ میں قومی شاہراہ پر ہوٹل دھماکے سے تباہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے صوبے مستونگ میں قومی شاہراہ پر کھڈکوچہ کے قریب نامعلوم افراد نے ہوٹل کو مبینہ طور پر بارودی مواد سے اڑا دیا، دھماکے کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی۔ پولیس حکام کے مطابق دھماکے کی شدت سے قریبی گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے جبکہ ساتھ موجود ایک دکان بھی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکے سے قریبی ٹیوب ویلوں کی تقریباً 250 سولر پلیٹس بھی ناکارہ ہوگئیں، واقعے کے بعد علاقے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی ملاقات کر رہے ہیں

☆کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کا افتتاح کر رہے ہیں☆

بندوق کے ذریعے کسی نظریے کو مسلط کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے عوام کی ترقی اور سہولت حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور صوبے کے عام آدمی کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے، تقریب سے خطاب

جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس بلوچستان میں اپنی نوعیت کی پہلی میٹرو ٹرین سروس ہے جس کا مقصد شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم لاگت سفری سہولت فراہم کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پہلی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر بزرگ شہریوں اور خصوصی افراد کے لیے مفت سفری سہولت فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ میٹرو ٹرین سروس کو مستقبل میں دو ٹرینوں تک وسعت دی جائے گی جبکہ سروس کو پشین، بوستان اور مستونگ تک توسیع دینے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کے ہمراہ منگل کو یہاں جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر ریلویز نے منصوبے کی تختی کی نقاب کشائی کی اور میٹرو ٹرین کے پہلے آزمائشی سفر میں بھی شرکت کی۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی سمیت صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، چیئرمین پاکستان ریلویز، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور اعلیٰ حکام اور سیاسی جماعتوں کے نمائندگان بھی موجود تھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، نامعلوم افراد کا ایگل اسکواڈ پر حملہ، دو اہلکار زخمی

پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات اور حملے میں ملوث عناصر کی شناخت کے لیے کارروائی جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں پر حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن

خلیجی بحران پیدا نہ ہوتا تو ہم بہت آگے جا چکے ہوتے، پاکستان نے حالیہ برسوں میں معیشت کو بہتر بنانے کیلئے بہت محنت کی، شہباز شریف

پاکستان کے میکرو اکنامک اشاریے مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہیں، کہ معاشی استحکام کیلئے کیے گئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، لندن میں تقریب سے خطاب

پاکستان کے معاشی اشاریے اوپر جا رہے ہیں، پاکستان سرمایہ کاری کے لیے موزوں جگہ ہے، وزیراعظم کی بین الاقوامی کاروباری شخصیات کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

لندن (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوتا تو ہم بہت آگے جا چکے ہوتے۔ لندن اسٹاک ایکسچینج کے دورے کے دوران شہباز شریف نے اوپن تقریب میں شرکت کی اور کہا کہ پاکستان کے معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ برسوں میں معیشت کو بہتر بنانے کیلئے بہت محنت کی ہے، 2 ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈ کا اجرا اس کا واضح ثبوت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوتا تو ہم بہت آگے جا چکے ہوتے، پاکستان میں حالیہ برسوں میں معیشت کو مضبوط (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

لندن، وزیراعظم شہباز شریف کو پاکستان کے 3 بلین ڈالر کے ڈوئل ٹرانش سورین یورو بونڈ لسٹنگ کے یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

مسلح افراد کی فائرنگ سے سکیورٹی کیمرہ ناکارہ اور اہلکاروں سے اسلحہ چھیننے جانے کی اطلاعات

شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا، ذرائع کے مطابق پولیس اہلکاروں سے اسلحہ چھیننے کا واقعہ طارق چوک پر پیش آیا

نوشکی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر سوار ہو کر دندناتے ہوئے شہر میں داخل ہو گئے، جن کی جانب سے شہر کے مختلف حصوں میں ہلچل مچائے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

بلوچستان اور کے پی میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں 7 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ گولہ بارود برآمد

خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فتنہ الخوارج کے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا

چاغی کے علاقے نوکچہ میں 2 دہشتگرد ہلاک ہوئے، دہشتگردوں نے نوکچہ میں واٹر بازار کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی تھی

کوئٹہ/پشاور/راولپنڈی/اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 7 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

محسن نقوی کا خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

وفاقی وزیر احسن اقبال 5 ویں سنٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن وزارتی کانفرنس کے سیشن میں شرکت کر رہے ہیں

امن کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کا بھرپور جواب دیا جائیگا، عطا تارڑ

پاکستان نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کی میزبانی کی اور انتہائی فراخ دلی کا مظاہرہ کیا

افغان عوام ایک بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں اور انہیں اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغان عبوری حکومت کو عسکریت پسندانہ سوچ سے نکل کر ذمہ دار ریاست کی سوچ اپنانا ہوگی، پاکستان امن، مذاکرات اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے تاہم پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، امن کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کا جواب دیا گیا ہے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اگر ہماری سکیورٹی یقینی نہ بنائی گئی تو کوئی انفراسٹرکچر محفوظ نہیں رہے گا، باقر قالیباف

تہران (آن لائن) ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر اور مذاکرات کار باقر قالیباف نے متنبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران اپنا تیل فروخت نہیں کر سکتا تو خطے میں کوئی بھی تیل فروخت نہیں کر سکے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

صومالیہ میں بحری جہاز کے اغواء کو 165 دن گزر گئے

کراچی (آن لائن) صومالیہ میں بحری جہاز کے اغوا کو 165 دن گزر گئے، جبکہ جہاز میں یرغمال بنائے گئے 10 پاکستانی ملاحوں کی نئی تصاویر سامنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ضلع زیارت میں صنوبر کے جنگلات میں تین روز سے لگی آگ نہ بجھ سکی

آگ کے دو الگ واقعات پیش آئے، متاثرہ رقبے کا درست اندازہ اب تک نہیں لگایا جا سکا، محمد امین مینگل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع زیارت میں دنیا کے دوسرے بڑے صنوبر (جونیپر) کے جنگل میں تین روز سے آگ لگی ہوئی ہے۔ حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

سبی، مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک میں تصادم، ڈرائیور سمیت 7 مسافر زخمی

ریسکیو ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زخمیوں کو ٹیچنگ اسپتال سبی منتقل کر دیا

سبی (آن لائن) مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ویگن ڈرائیور سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر حنیف عباسی اور صوبائی پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کچلاک سے سریاب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ اطلاعات کا اجلاس 2 اکتوبر کو طلب کر لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ اطلاعات کا ایک اہم اجلاس بروز جمعہ، 2 اکتوبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

قومی اسمبلی کا اجلاس یکم اکتوبر کو طلب کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے قومی اسمبلی کا اجلاس کل یکم اکتوبر کو شام 5 بجے طلب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اجلاس کی تاریخ اور وقت کو حتمی شکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی کا صوبائی اسمبلی تحلیل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے، بیرسٹر گوہر

احتجاج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے، آئینی اور قانونی حق استعمال کر کے 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کریں گے، گفتگو

اسمبلی کو تحلیل کرنے اور سہیل آفریدی کے متبادل کی تلاش سے متعلق خبریں من گھڑت ہیں، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کا صوبائی اسمبلی تحلیل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کو کسی صورت نااہل نہیں کیا جا سکتا، سہیل آفریدی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ترب، جوسک کے رہائشی نوجوان نے سر میں گولی مار کر خودکشی کر لی

پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ علاقے میں پیش آیا، لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

تربت (آن لائن) تربت کے علاقے جوسک کے رہائشی نوجوان عقیل ولد غفور نے مبینہ طور پر خود کو گولی مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا ہے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ متوفی عقیل نے اپنے سر میں گولی مار کر خودکشی کی، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو ضابطے کی کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

پاکستان آئی ایم ایف میں 1.2 ارب ڈالر قسط کیلئے مذاکرات کا آغاز

اجلاس کے دوران آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مقررہ اہداف اور اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

اجلاس کی صدارت آئیوا پیٹروا نے کی، وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف مشن کیساتھ ورچوئل مذاکرات میں شرکت کی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اقتصادی جائزے کے حوالے سے مذاکرات کا آغاز ہو گیا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ ورچوئل مذاکرات میں شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

وزیر خزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزے پر ورچوئل مذاکرات

معاشی ٹیم کی آئی ایم ایف وفد کو ملکی معاشی و اقتصادی صورتحال پر بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اقتصادی جائزے کے حوالے سے مذاکرات کا آغاز ہو گیا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف مشن سے ساتھ ورچوئل مذاکرات میں شرکت کی۔ ذرائع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پولیس پر تشدد کیس، ایمان مزاری اور ان کے شوہر پر فرد جرم کیلئے 6 اکتوبر کی تاریخ مقرر

تھانہ کوہسار میں درج احتجاج کیس میں دونوں ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر نوٹس جاری

اسلام آباد (آن لائن) ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کیخلاف پولیس پر تشدد کے کیس میں فرد جرم عائد کرنے کیلئے 6 اکتوبر کی تاریخ مقرر کر دی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف پروٹوکول توڑنے اور پولیس پر تشدد کے کیس کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی، جس میں ایمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

30 ستمبر کے بعد انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے پر بھاری جرمانے عائد ہوں گے

یکم اکتوبر سے ملک میں لیٹ فائلر کی کیٹگری ختم ہو کر نان فائلر رہ جائے گی، ایف بی آر

اسلام آباد (آن لائن) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آج 30 ستمبر آخری تاریخ ہے کہ 30 ستمبر کے بعد انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے پر بھاری جرمانے عائد ہوں گے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کا کہنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

وزیراعظم کا خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردوں کیخلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا

جنسی عنصر کے بغیر شکایت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی۔ عدالت کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا 31 دسمبر 2024 کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے صدر مملکت کا حکم بحال کر دیا۔ وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ جنسی عنصر کے بغیر شکایت وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی، ادارے نامناسب رویے پر سروس رولز کے تحت کارروائی کر سکتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی، صدر

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم کو سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مری میں اسکول وین کو حادثہ، آگ لگنے سے بچوں سمیت 11 افراد جھلس کر زخمی

اسکول وین حادثے کے بعد پبلک ٹرانسپورٹ کے حفاظتی معیار کو سخت کرنے کا فیصلہ

راولپنڈی (آن لائن) مری میں اسکول کے بچوں کو لے جانے والی وین حادثے کا شکار ہو گئی جس کے نتیجے میں بچوں سمیت 11 افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مری میں لوئر موہڑا بڑا ہوتر کے قریب اسکول وین بے قابو ہو کر سڑک سے نیچے جا گری جس کے بعد وین میں آگ لگ گئی۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ گاڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم این اے اختر بی بی ملاقات کر رہی ہیں

پاکستان تحریک انصاف کا 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار

ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق بھی ہیں، ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں جا رہے کہ حکومت راستہ روک رہی ہے

ارکان اسمبلی کی جانب سے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز مسترد، 4 اکتوبر کو لانگ مارچ ہر صورت کرنے کا اعلان

پشاور (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نے 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کرنے کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز مسترد کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پشاور میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف کا وزیراعلیٰ ہاؤس میں پارلیمانی پارٹی کا مشاورتی اجلاس ہوا، اجلاس کی صدارت وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کی، جس میں ارکان صوبائی و قومی اسمبلی، وزرا، مشیر اور دیگر شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس آن لائن منعقد ہوا، بعض ارکان اسمبلی نے زوم کے ذریعے شرکت کی، جبکہ پارٹی عہدیدار بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

وفاقی حکومت سنجیدہ گفتگو اور مذاکرات سے کبھی منکر نہیں رہی، اعظم نذیر تارڑ

عمران خان کا طبی معائنہ بڑے سینئر ڈاکٹرز نے کیا، یہ طے کرنا تھا کہ خان صاحب کی زندگی کو کوئی خطرہ تو لاحق نہیں، گفتگو

پاکستان تحریک انصاف کیساتھ مذاکرات سے گریز نہیں کیا مگر بات چیت سنجیدہ ہو، عمران خان کی رہائی کا فورم عدالت ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کا طبی معائنہ مکمل ہو چکا، ان کی ہمشیرہ نے خود تصدیق کی ہے کہ بانی پی ٹی آئی تمام تر لحاظ سے بالکل صحتمند اور تندرست ہیں، قیدی کی رہائی کا فورم حکومت نہیں بلکہ عدالتیں ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ ملک کے سینئر ترین ڈاکٹرز پر مشتمل بورڈ نے کیا، جس میں یہ طے کرنا تھا کہ ان کی زندگی کو کوئی خطرہ تو لاحق نہیں، عمران خان کی ہمشیرہ جو خود اس میڈیکل بورڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

قطر نے ہمارے موقف سے امریکا کو آگاہ کر دیا، اب جواب کا انتظار ہے، عراقچی

ہمارے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے ہماری شرائط واضح ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (آن لائن) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ پروپیگنڈا شروع ہو گیا ہے، ایران سے کچھ باتیں منسوب کر کے دعوے کیے جا رہے ہیں، ہمارے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے ہماری شرائط واضح ہیں، قطر کے ذریعے ایران کا سات نکاتی منصوبہ امریکہ تک پہنچا دیا گیا ہے اور اب ایران امریکی جواب کا انتظار کر رہا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق نیویارک سے تہران روانگی سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

او آئی سی کی مسجد اقصیٰ پر دھاوے کی شدید مذمت، مقدس مقامات کے تحفظ کا مطالبہ

جدہ (آن لائن) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے مسجد اقصیٰ پر دھاوے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مسجد کے تقدس پر کھلا حملہ اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کرنے کے مترادف عمل قرار دیا ہے۔ او آئی سی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق اسرائیل کو مقبوضہ فلسطینی علاقوں، بشمول مشرقی یروشلم، اور اسلامی و مسیحی مقدس مقامات پر کسی قسم کی خود مختاری حاصل نہیں۔ او آئی سی سیکرٹریٹ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ مقدس مقامات پر حملے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

جوہری ہتھیار رکھنے والا ایران دنیا کو بلیک میل کرے گا، مارکو روبیو

برطانوی ایئربیس پر مبینہ بم حملے کی سازش میں غیر ملکیوں کے ملوث ہیں، امریکی وزیر خارجہ کی گفتگو

واشنگٹن (آن لائن) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے دعویٰ کیا ہے کہ اگر ایران نے جوہری ہتھیار حاصل کر لیا تو ایران دنیا کو بلیک میل کرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کی جانوں کو بھی خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو کے دوران مارکو روبیو نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کھلی ہے اور ایرانی تیل کے علاوہ خطے سے گزرنے والے تیل کی مقدار ایران پر امریکی اور اسرائیلی جنگ شروع ہونے سے پہلے کی سطح کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ایمان مزاری کیس، جیل حکام کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم

اسلام آباد (آن لائن) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے وکالت ناموں پر دستخط نہ ہونے سے متعلق درخواست داخل دفتر کرتے ہوئے جیل حکام کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی ختم کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے درخواست پر سماعت کی، جس میں ایمان مزاری اور ہادی علی کی جانب سے ریاست علی آزاد سمیت دیگر وکلا عدالت میں پیش ہوئے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت بلوچ کی عیادت کر رہے ہیں

ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت شہید پولیس اسٹیشن کے ایس ایچ او اعجاز محمود کو تعریفی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

روزنامہ اُستمان مستونگ
چیف ایڈیٹر: منیر احمد

پبلشر شعیب احمد چیف ایڈیٹر منیر احمد نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس روزنامہ اُستمان مستونگ کیلون روڈ یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فلیٹ نمبر 204 سے شائع کیا۔
موبائل نمبر۔ 0333-7999560 فون نمبر۔ 081-2443797

پاکستان کا سیاسی منظر

سیاست بھی عجیب کھیل ہے کل جو سڑک پر تھا، آج ایوان میں ہے جو کل ایوان میں بیٹھ کر احتجاج کرنے والوں کو صبر کا مشورہ دے رہا تھا، وقت اسے بھی کبھی سڑک کا راستہ دکھا دیتا ہے چہرے بدلتے ہیں، نعرے بدلتے ہیں، حکومتیں بدلتی ہیں مگر پاکستان کی سیاسی فلم کا منظر اکثر وہی رہتا ہے ایک طرف حکومت، دوسری طرف اپوزیشن، درمیان میں کنٹینرز، پولیس، کارکن، نعرے، گرفتاریاں، مقدمے، پریس کانفرنسیں اور ٹیلی وژن کی چیختی سرخیاں۔ اور ان سب کے بیچ ایک شخص خاموش کھڑا رہتا ہے۔ پاکستان کا عام آدمی، اسے نہ اقتدار ملنا ہے، نہ وزارت، اسے صبح دکان کھولنی ہے، دفتر پہنچنا ہے، رکشہ چلانا ہے، مزدوری کرنی ہے، بچے کو سکول چھوڑنا ہے اور بیمار ماں کو ہسپتال لے جانا ہے اس کا سوال بہت سادہ ہے، صاحبو! آپ کی سیاست اپنی جگہ، میرا راستہ کیوں بند ہے؟ یہ سوال صرف آج کی حکومت سے نہیں، تحریکِ انصاف سے بھی ہے بلکہ ہماری پوری سیاسی تاریخ سے ہے۔ کبھی پی ٹی آئی سڑک پر تھی اور مسلم لیگ (ن) حکومت میں۔ 2014 کا اسلام آباد شاید ابھی کسی کو نہیں بھولا، تحریکِ انصاف کا دھرنا 126 دن تک جاری رہا حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات بھی ہوئے ستمبر 2014 تک مذاکرات کی بارہ نشستیں ہو چکی تھیں اور حکومتی مذاکرات کار اسحاق ڈار نے اس وقت کہا تھا کہ وزیر اعظم کے استعفے کے سوا کئی معاملات پر اتفاق کے قریب پہنچ گئے تھے یعنی اتنے بڑے سیاسی تصادم کے دوران بھی راستہ بالآخر اسی میز کی طرف جا رہا تھا جس کا نام مذاکرات ہے۔ وقت نے پہیہ گھمایا، تحریکِ انصاف خود حکومت میں آئی، اس دور میں بھی اپوزیشن سڑکوں پر نکلی، جلسے ہوئے اور حکومت و حزبِ اختلاف کے درمیان سخت سیاسی کشیدگی رہی۔ نومبر 2020 میں پی ڈی ایم نے حکومتی پابندیوں کے باوجود اپنے عوامی اجتماعات جاری رکھنے کا اعلان کیا تھا پھر وقت نے ایک اور کروٹ لی تحریکِ انصاف حکومت سے باہر ہوئی اور ایک مرتبہ پھر حکومت اور پی ٹی آئی آمنے سامنے آ گئے دسمبر 2024 میں دونوں فریق پھر کہاں پہنچے؟ مذاکرات کی میز پر، قومی اسمبلی کے سپیکر کی نگرانی میں حکومتی اور پی ٹی آئی کمیٹیوں کی ملاقاتیں شروع ہوئیں پی ٹی آئی نے اپنے مطالبات تحریری صورت میں دیے، کئی ادوار ہوئے، مگر عدالتی کمیشنوں اور قیدیوں سمیت اہم معاملات پر اختلاف برقرار رہا اور جنوری 2025 میں مذاکرات کا سلسلہ رک گیا۔ یہاں کسی ایک کو کٹہرے میں کھڑا کرنا مقصود نہیں اصل سوال کچھ اور ہے کہ ہم اپنی ہی تاریخ سے کب سیکھیں گے؟ حکومت کو ماضی یاد رکھنا چاہیے کہ اپوزیشن ہمیشہ اپوزیشن نہیں رہتی، اور حکومت ہمیشہ حکومت نہیں رہتی، اور تحریکِ انصاف کو بھی اپنا ماضی یاد رکھنا چاہیے کہ حکومت کی کرسی پر بیٹھ کر امن و امان، شہری زندگی اور ریاستی ذمہ داریاں کچھ اور دکھائی دیتی ہیں، جبکہ اپوزیشن کی سڑک پر منظر کچھ اور ہوتا ہے شاید یہی ہماری سیاست کا سب سے بڑا سبق ہے کرسی مستقل نہیں، رویے یاد رہ جاتے ہیں۔ سیاست بھی شیشہ گری ہی تو ہے ایک غلط قدم، ایک اشتعال انگیز جملہ، ایک بے قابو ہجوم یا طاقت کا غیر ضروری استعمال اور برسوں میں پیدا ہونے والا اعتماد ٹوٹ سکتا ہے اسی لیے موجودہ حکومت سے توقع زیادہ ہے اس لیے نہیں کہ ہر خرابی کی ذمہ دار حکومت ہے بلکہ اس لیے کہ حکومت کا منصب بڑا ہے، لہٰذا اس کا ظرف بھی بڑا دکھائی دینا چاہیے ریاست کے پاس پولیس بھی ہے، انتظامیہ بھی، قانون بھی اور اختیار بھی۔ مگر جمہوریت میں طاقت کا سب سے خوبصورت استعمال کبھی کبھی طاقت استعمال نہ کرنا ہوتا ہے۔ راستے بند کرنا، کنٹینرز لگانا اور پورے شہر کو ایک ممکنہ تصادم کے لیے تیار کر دینا انتظامی حکمتِ عملی تو ہو سکتی ہے، لیکن اسے معمول کی سیاسی زبان نہیں بننا چاہیے اختلاف کو جگہ دینا جمہوریت کی نفی نہیں، اس کی طاقت ہے اور اگر کوئی اقدام پُرامن سیاسی اظہار کی گنجائش مسلسل محدود کرتا جائے تو سوال ضرور اٹھتا ہے کہ کیا ہم سیاسی مسئلے کو انتظامی مسئلہ بنا رہے ہیں؟ یہیں حکومت کے پاس بڑا بننے کا موقع ہے کہہ دے آیئے، بیٹھتے ہیں آپ اپنی بات کہیے، ہم اپنی کہتے ہیں جو آئین اور قانون کے اندر ممکن ہے، اس کا راستہ نکالتے ہیں۔ اور تحریکِ انصاف کے لیے بھی یہی امتحان ہے ایک قدم پیچھے ہٹنا ہمیشہ شکست نہیں ہوتا اگر تصادم ٹلتا ہے، کارکن محفوظ رہتے ہیں، شہری سکون سے گھر پہنچتے ہیں اور سیاسی مطالبہ مذاکرات کی میز تک پہنچ جاتا ہے تو سیاست نے کچھ کھویا نہیں کچھ پایا ہے پی ٹی آئی کو بھی یہ ثابت کرنا ہوگا کہ عوامی قوت کا مطلب صرف مجمع اکٹھا کرنا نہیں، مجمع کو پُرامن رکھنا بھی ہے احتجاج کی آواز بلند ہو سکتی ہے، مگر ایسی نہ ہو کہ اس میں ایمبولینس کا سائرن دب جائے نعرہ ضرور لگے، مگر مزدور کی دیہاڑی نہ چھینے، جلسہ ضرور ہو، مگر کسی بچے کا امتحان، کسی مسافر کا سفر اور کسی چھوٹے دکاندار کا چولہا اس کی قیمت نہ بنے یہیں سیاست کو شاعر کی آنکھ سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔ جمہوریت میں بولنے کا حق سلامت رہنا چاہیے مگر اسی جمہوریت کا دوسرا تقاضا یہ ہے کہ دوسرے کے بولنے، چلنے، جینے اور روزی کمانے کا حق بھی سلامت رہے تو پھر حل کیا ہے؟ حل شاید ہمارے سامنے برسوں سے پڑا ہے اور ہم ہر بار لڑ جھگڑ کر اسی تک پہنچتے ہیں 2014 میں بھی مذاکرات ہوئے 2024 اور 2025 میں بھی مذاکرات ہوئے۔ تو پھر سوال جائز ہے اگر آخر میں میز ہی پر بیٹھنا ہے تو میز آج کیوں نہیں؟ کیوں نہ حکومت فوری طور پر ایک سنجیدہ، با اختیار اور قابلِ اعتماد سیاسی رابطہ کمیٹی تشکیل دے؟ ایسی کمیٹی جس کا مقصد تصویر بنوانا یا ایک آدھ رسمی ملاقات کرنا نہ ہو، اسے وقت دیا جائے، اختیار دیا جائے اور واضح ذمہ داری دی جائے وہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مستقل رابطے کا راستہ بنائے حکومت کی بات بھی سنی جائے تحریکِ انصاف کے مطالبات بھی سنے جائیں جو معاملہ عدالت کا ہے اسے عدالت کے دائرے میں رہنے دیا جائے، جو پارلیمان حل کر سکتی ہے اسے پارلیمان میں لایا جائے، اور جو خالصتاً سیاسی مسئلہ ہے اسے سیاسی قیادت مل بیٹھ کر حل کرے۔ ضروری نہیں کہ دونوں ایک دوسرے کو پسند کرنے لگیں سیاست محبت کی شادی نہیں، مذاکرات کے لیے ایک دوسرے سے محبت نہیں، صرف یہ تسلیم کرنا ضروری ہے کہ دوسرا بھی اس ملک کی سیاسی حقیقت کا حصہ ہے اور مذاکرات کا مطلب یہ بھی نہیں کہ ایک فریق اپنی ہر بات منوا لے کچھ حکومت مانے گی کچھ اپوزیشن کو ماننا ہوگا کچھ معاملات آج طے ہوں گے، کچھ کل مگر کم از کم سڑک سے میز تک کا سفر تو شروع ہو کیونکہ لڑتے لڑتے بھی آخر بات کرنی ہے ایک ماہ بعد کریں، چھ ماہ بعد کریں یا مزید سیاسی نقصان اٹھانے کے بعد کریں فیصلہ جب بھی نکلے گا، الفاظ سے نکلے گا، کنٹینروں سے نہیں۔ اس سارے معاملے میں ایک تیسری کرسی بھی مذاکرات کی میز پر تصور کیجیے اس کرسی پر کوئی سیاست دان نہیں بیٹھا وہاں عوام بیٹھے ہیں وہ باپ جس کی تنخواہ محدود ہے وہ ماں جو مہنگائی میں گھر چلاتی ہے وہ نوجوان جو نوکری ڈھونڈ رہا ہے وہ مزدور جس کے لیے ایک دن کام نہ ملنا محض سیاسی خبر نہیں بلکہ بچوں کے رات کے کھانے کا سوال ہے وہ دکاندار جو شام کو حساب لگاتا ہے کہ آج گھر کیا لے کر جائے ان لوگوں کو اس بحث سے شاید کوئی دلچسپی نہیں کہ آخری سیاسی وار کس نے جیتا انہیں سکون چاہیے، روزگار چاہیے، راستہ چاہیے اور سب سے بڑھ کر یہ یقین چاہیے کہ ان کے ملک کے سیاست دان اختلاف کے باوجود ایک میز پر بیٹھ سکتے ہیں۔

پاکستان قرضوں کے حصار میں

تحریر: ڈاکٹر عمرانہ مشتاق

حالیہ نیشنل سٹیزن سروے 2026ء نے پاکستانی معاشرے میں موجود اسی اضطراب کو اعداد و شمار کی زبان دی ہے۔ 23 اگست سے 5 ستمبر تک ملک کے چاروں صوبوں میں 5155 بالغ شہریوں سے بالمشافہ گفتگو کی گئی۔ سروے کے مطابق 66 فیصد شہری بڑھتے ہوئے قومی قرض کو باعث تشویش سمجھتے ہیں جبکہ 49 فیصد نے اسے انتہائی تشویش ناک قرار دیا۔ بجلی اور گیس کی بڑھتی قیمتوں کو بھی عوام نے اپنے بڑے مسائل میں شمار کیا۔ یہ نتائج بتاتے ہیں کہ قومی قرض اب صرف ماہرین معاشیات، بینکوں اور وزارت خزانہ کی فائلوں کا موضوع نہیں رہا بلکہ عام شہری بھی اس کے اثرات اپنی روزمرہ زندگی میں محسوس کر رہا ہے۔ عام آدمی نے کسی عالمی مالیاتی ادارے سے اربوں ڈالر کا معاہدہ نہیں کیا ہوتا۔ اس نے بین الاقوامی بانڈ جاری نہیں کیے ہوتے اور نہ ہی سرکاری قرض کی شرائط طے کرنے میں اس کی کوئی شرکت ہوتی ہے۔ لیکن قرض واپس کرنے کا وقت آتا ہے تو اس کی قیمت کسی نہ کسی راستے سے اسی کے دروازے تک پہنچتی ہے۔ کبھی بجلی کے بل میں، کبھی گیس کے نرخوں میں، کبھی پٹرول کی قیمت میں، کبھی نئے ٹیکس میں اور کبھی ان سکولوں، ہسپتالوں اور ترقیاتی منصوبوں کی صورت میں جو مالی وسائل نہ ہونے کے باعث تعمیر نہیں ہو پاتے۔

وزارت خزانہ کے مالیاتی پالیسی بیان 2026ء کے مطابق جون 2025ء کے اختتام پر پاکستان کا مجموعی سرکاری قرض تقریباً 80.52 ٹریلین روپے تک پہنچ چکا تھا جبکہ ایک سال قبل یہ تقریباً 71.25 ٹریلین روپے تھا۔ اسی عرصے میں مجموعی سرکاری قرض قومی پیداوار کے 67.6 فیصد سے بڑھ کر 70.7 فیصد ہو گیا۔ فی کس قرض بھی 294098 روپے سے بڑھ کر 333041 روپے تک پہنچ گیا۔ یہ اعداد محض حساب کی چند سطریں نہیں بلکہ اس مالی ذمہ داری کی وسعت بیان کرتے ہیں جس کے ساتھ ہماری موجودہ اور آئندہ معاشی منصوبہ بندی وابستہ ہے۔ قرض کی داستان کا زیادہ تشویش ناک باب اس پر آنے والی مالی لاگت ہے۔ جب قومی وسائل کا بڑا حصہ قرض اور اس سے متعلق واجبات کی ادائیگی میں صرف ہونے لگے تو ترقی کے لیے دستیاب مالی گنجائش سکڑ جاتی ہے۔ وہی روپیہ جو کسی نئے سکول، ہسپتال، یونیورسٹی، صاف پانی کی سکیم، زرعی تحقیق یا صنعتی منصوبے پر خرچ ہو سکتا تھا ماضی کی مالی ذمہ داری پوری کرنے میں چلا جاتا ہے۔ یوں آج کی معیشت کل کے فیصلوں کی قیمت ادا کرتی ہے اور آنے والی نسل کے لیے نئے امکانات پیدا کرنے کی صلاحیت محدود ہونے لگتی ہے۔

یہاں قرض کی نوعیت کو سمجھنا ضروری ہے۔ اگر قرض لے کر ڈیم تعمیر ہو، بجلی گھر قائم ہو، صنعت وجود میں آئے، جدید زرعی نظام تشکیل پائے یا ایسا بنیادی ڈھانچہ تعمیر ہو جو آنے والے برسوں میں قومی آمدن، برآمدات اور روزگار میں اضافہ کرے تو قرض ایک مالی ذمہ داری ہونے کے باوجود قومی اثاثہ پیدا کرتا ہے۔ لیکن قرض اگر محض سابقہ قرضوں، خساروں اور غیر پیداواری اخراجات میں جذب ہو جائے تو آنے والی نسل کو اثاثے کے بجائے ادائیگی کی رسید ملتی ہے۔ اس لیے قرض کا فیصلہ صرف اس کے حجم سے نہیں بلکہ اس کے مصرف اور اس سے پیدا ہونے والی معاشی قوت سے ہونا چاہیے۔ پاکستان کی حالیہ مالیاتی صورتحال میں کچھ مثبت اشارے بھی موجود ہیں۔ وزارت خزانہ کے قرض پالیسی بیان 2026ء کے مطابق مالی سال 2024-25ء میں مسلسل دوسرے سال بنیادی مالیاتی فاضل حاصل کیا گیا جبکہ قلیل مدتی حکومتی قرض کے تناسب میں کمی اور قرض کی اوسط مدت بڑھانے کے اقدامات بھی کیے گئے۔ اس حکمت عملی کا مقصد بار بار قرض کی تجدید سے پیدا ہونے والے خطرات کو کم کرنا ہے۔ یہ اقدامات اہم ہیں لیکن قرض کے بہتر انتظام اور قرض پر مستقل انحصار کم کرنے میں بنیادی فرق ہے۔ پہلا مالیاتی نظم کا تقاضا ہے جبکہ دوسرا پوری معاشی ساخت میں اصلاح چاہتا ہے۔ عام شہری کے لیے معیشت کی پیچیدہ اصطلاحات اس وقت حقیقی معنی اختیار کرتی ہیں جب وہ بازار میں داخل ہوتا ہے۔ پاکستان بیورو آف سٹیٹسٹکس کے مطابق اگست 2026ء میں سالانہ بنیاد پر عمومی مہنگائی 11.1 فیصد رہی جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 12.2 فیصد تک پہنچی۔ اگر کسی خاندان کی آمدن اسی رفتار سے نہ بڑھے تو اس کی حقیقی قوت خرید کم ہوتی جاتی ہے۔ پھر اسے وہی تنخواہ مل رہی ہوتی ہے مگر اس تنخواہ سے خریدی جانے والی اشیا مسلسل کم ہوتی جاتی ہیں۔ قرض، مالی خسارہ، مہنگائی، شرح سود، روپے کی قدر، توانائی کے نرخ اور ٹیکس بظاہر الگ الگ معاشی عنوانات ہیں لیکن عملی زندگی میں ان سب کی ڈور ایک دوسرے سے بندھی ہوتی ہے۔ توانائی مہنگی ہوتی ہے تو صنعت کی لاگت بڑھتی ہے۔ صنعت مہنگی پیداوار دیتی ہے تو بازار میں قیمتیں بڑھتی ہیں۔ کاروبار کمزور ہوتا ہے تو روزگار اور ٹیکس آمدن متاثر ہوتے ہیں۔ حکومت کی آمدن اخراجات کے مقابلے میں کم رہے تو مزید قرض کی ضرورت پیدا ہوتی ہے۔ یہی وہ دائرہ ہے جسے توڑے بغیر صرف اعداد کی ترتیب بدلنے سے مستقل معاشی استحکام پیدا نہیں ہو سکتا۔

اس صورتحال کا سب سے زیادہ احساس تنخواہ دار اور متوسط طبقے کو ہوتا ہے۔ اس کی آمدن دستاویزی ہوتی ہے۔ ٹیکس اکثر تنخواہ اس کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے ہی کٹ جاتا ہے۔ اس کے بعد یہی شہری بجلی، گیس، پٹرول اور روزمرہ اشیا پر بالواسطہ محصولات بھی ادا کرتا ہے۔ جب ٹیکس کا دائرہ وسیع کرنے کے بجائے پہلے سے ٹیکس ادا کرنے والے طبقے پر مزید بوجھ ڈالنا آسان راستہ بن جائے تو معاشی بے چینی بڑھتی ہے اور شہری یہ سوال کرنے لگتا ہے کہ قومی مالی ذمہ داری کی تقسیم واقعی منصفانہ ہے یا نہیں۔ حالیہ شہری سروے کا ایک اور نتیجہ قابل توجہ ہے۔ 91 فیصد جواب دہندگان نے پاکستان میں کاروبار شروع کرنا یا چلانا مشکل قرار دیا۔ کاروبار کے راستے میں ٹیکسوں اور دوسرے مسائل کو اہم رکاوٹوں میں شمار کیا گیا۔ یہ صورت حال ایک اور معاشی دائرہ پیدا کرتی ہے۔ کاروبار مشکل ہوگا تو سرمایہ کاری کم ہوگی۔ سرمایہ کاری محدود ہوگی تو روزگار کم پیدا ہوگا۔ روزگار اور پیداوار نہ بڑھیں تو ٹیکس آمدن بھی مطلوبہ رفتار سے نہیں بڑھے گی اور حکومت کی قرض پر محتاجی کم کرنا مزید مشکل ہو جائے گا۔

"خوابیدہ قوم"

آج کا دن بے انتہا سرد تھا۔ گروسری کیلئے جوں ہی گھر سے نکلی تو بوندا باندی شروع ہوگئی تھی... آسمان تو کئی دنوں سے ابر آلود تھا. گھر کے قریب ہی ایک بڑے سے سٹور میں گروسری جلدی جلدی ختم کی... اور گاڑی میں بیٹھ کر گھر کی سمت میں روانہ ہونے ہی والی تھی کہ بارش شروع ہوگئی. چلتی گاڑی سے سڑک کے کنارے فروٹ کی ریڑھی کے پاس ایک شخص کو دیکھا تو وہ بارش سے بھیگ رہا تھا. میں نے ڈرائیور کو سڑک کے کنارے گاڑی روکنے کیلئے کہا۔ گاڑی رکی تو دیکھا تو وہ ایک عمر رسیدہ شخص تھا. میں نے اس سے کہا۔ "آپ کے پاس چھتری نہیں ہے". نہیں.. بی بی آپ پھل خرید لیں تا کہ میں جلدی گھر چلا جاؤں. بارش میں آپ کو یہاں نہیں کھڑا ہونا چاہیئے. بیمار پڑ جائیں گے. بی بی... وہ افسردگی سے بولا۔ روٹی کا مسئلہ ہے... مجبوری سے کھڑا ہوں میں نے کچھ فروٹ خریدا... اور وہاں سے کوچ کیا.... تو رہ رہ کر خیال آ رہا تھا کہ ہمارے لوگ اتنے بے حس ہیں جو اس غریب آدمی کو بارش میں فروٹ بیچتے ہوئے دیکھ رہے ہیں مگر قریب آن کر اس کی مدد نہیں کر رہے تھے اور اس کی بے حسی پر مجھے افسوس بھی ہو رہا تھا. ہمارے ملک میں اس قدر غربت ہے. . . اور مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے... انہی غریبوں نے نئی حکومت کو ووٹ دیئے تھے کہ ہمارے حالات بدل جائیں گے.... مگر افسوس.... حالات تو ایک طرف، یہ بچوں کا پیٹ بھرنے کیلئے موسلا دھار بارش میں مزدوری کرنے پر مجبور ہیں... صرف روٹی کا مسئلہ دامن گیر ہے. پاکستان کے ہر شہر اور قصبے میں ڈکیتی کی وارداتیں ہو رہی ہیں. مگر ان کی روک تھام کرنے والا کوئی نہیں ہے. اچھے گھروں کے بچے ڈکیتیوں کو ترجیح دے رہے ہیں. کیا ان کے گھر کی تربیت کا اثر ہے یا وہ سوسائٹی کا شکار ہیں... میرے خیال سے یہ سب خرافات بیروزگاری کی وجہ سے ہے... بچے تعلیم یافتہ ہیں مگر ان کو ملازمت نہیں ملتی. زمانہ بدل گیا ہے. صدی بدل گئی دنیا کہاں سے کہاں پہنچ گئی. لوگ ترقی کرنے کی بجائے پستی کی طرف گامزن ہیں اس ملک کی آب و ہوا، اچھا پھل، اچھی سبزیاں خدا کی بہت ساری نعمتیں یہاں پر میسر ہیں. پھر کیا وجہ ہے کہ نظام اچھا نہیں. نظام کو تبدیل کرنے کیلئے ہر شخص کو محنت کرنی پڑے گی. خصوصاً پولیس کے ادارے کی از سر نو تنظیم نہ کی گئی تو مسائل جوں کے توں رہیں گے. تقسیم ہند سے پہلے جالندھر کے قریب ایک قصبہ فلور تھا جہاں پولیس اکیڈمی ٹریننگ دیا کرتی تھی، وہاں کا تربیت یافتہ امن عامہ کے مسائل اور تفتیش کو خوب سمجھتا تھا۔

پاکستان کینیڈا تجارتی روابط میں ورلڈ ٹریڈ ڈویلپرز کا کردار

تحریر: میاں حبیب

ہزاروں میل لمبا سفر شروع کرنے کے لیے بھی پہلا قدم اٹھانا ہی فیصلہ کن ہوتا ہے لیکن جب آپ فیصلہ کر لیں تو فاصلہ جلد یا بدیر کٹ ہی جاتا ہے اور منزل مقصود حاصل ہو ہی جاتی ہے۔ کئی انفرادی اقدام قوموں کی تقدیر بدلنے کا سبب بنتے ہیں۔ مثال کے طور پر برصغیر کے جس بادشاہ کے بیٹے کا علاج ایک انگریز ڈاکٹر نے کیا تھا اور اس کے صحت یاب ہونے پر بادشاہ نے خوش ہو کر ڈاکٹر کو سونے میں تول کر سونا اس کو انعام میں دینے کا اعلان کیا تھا اگر وہ ڈاکٹر چاہتا تو وہ اتنی بڑی تعداد میں سونا حاصل کر کے ساری زندگی عیش و عشرت میں گزار سکتا تھا لیکن اس ڈاکٹر نے بادشاہ سے کہا کہ میری قوم کو برصغیر سے تجارت کی اجازت دے دی جائے اور پھر وقت نے دیکھا کہ اس تجارتی اجازت نے انگریزوں کی کایا پلٹ دی۔ ایسی ہی سوچ رکھنے والے ورلڈ ٹریڈ ڈویلپرز کے چیف ایگزیکٹو رانا محمد تنویر ہیں جو اپنے ذاتی کاروبار یا مالی مفادات کی بجائے ملک و قوم کا سوچتے ہیں۔ وہ ویژنری بزنس مین ہیں اور دنیا بھر میں پاکستان کے لیے تجارتی راہیں کھولنے، پاکستانی ٹریڈرز اور پاکستانی مصنوعات کو بین الاقوامی منڈیوں میں متعارف کروانے کا بیڑہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ انھوں نے اسی حوالے سے پچھلے ماہ کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں دو اہم تقریبات کینیڈا لائف سٹائل ایکسپو بزنس اینڈ انویسٹر کانفرنس 2026 اور کینیڈا گیٹ وے ایکسپو کا انعقاد برامپٹن اونٹاریو کے پیئرسن کنونشن سنٹر میں کیا۔ دونوں تقاریب کو ایک دوسرے کے مددگار اور تکمیلی پلیٹ فارم کے طور پر ڈیزائن کیا گیا تھا جہاں صنعت کاروں، سرمایہ کاروں، کاروباری راہنماؤں، حکومتی نمائندوں اور بین الاقوامی مندوبین کو ایک چھت تلے جمع کیا گیا تھا۔

عالمی تجارت میں کینیڈا کا ایک منفرد مقام ہے۔ یہ امریکہ، یورپ اور ایشیا کے ساتھ گہرے روابط رکھنے والی جی سیون معیشت ہے اور دنیا کی سب سے زیادہ بین الاقوامی سطح پر منسلک آبادیوں میں سے ایک ہے۔ سپر پاور امریکہ کا ہمسایہ ہے، دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے جہاں بے پناہ وسائل اور مواقع موجود ہیں۔ امریکہ کی عالمی تجارتی ٹیرف پالیسی کے نمودار ہونے والے اثرات کے پیش نظر ہر کوئی نئے تجارتی دوست تلاش کرنے میں سرگرداں ہے اسی تناظر میں رانا محمد تنویر نے پاکستان اور کینیڈا کو قریب کرنے کی کوشش کی ہے انھوں نے نہ صرف تجارتی بلکہ سفارتی سطح پر بھی دونوں ملکوں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کیا ہے۔ ان کی وساطت سے تعلقات کی نئی راہیں کھلی ہیں۔ وہ اس سے قبل بھی کینیڈا، چین، کوریا، سری لنکا اور افریقہ کے کئی ممالک میں پاکستانی اشیاء کو متعارف کروا چکے ہیں۔ وہ کئی پاکستانی اداروں کو بیرونی دنیا میں ایکسپورٹ بڑھانے کے مواقع فراہم کر چکے ہیں۔ ان کی وساطت سے کئی بین الاقوامی سرمایہ کار اور بزنس مین پاکستان سے جڑ چکے ہیں۔ وہ صنعت و تجارت سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ پاکستان کی سیاحت کے فروغ کے لیے بھی گرانقدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ جہاں تک کینیڈا میں ہونے والی ایکسپو اور کانفرنس کا تعلق ہے تو کسی بین الاقوامی تقریب کی اہمیت کا اندازہ سٹیج کے سائز، وہاں آویزاں بینروں یا لوگوں کے ہجوم سے نہیں لگایا جاتا، اس کی اصل قدر و قیمت ان تعلقات سے ظاہر ہوتی ہے جس کے دوررس اثرات مرتب ہوں۔ ان تقاریب نے دہائیوں کے سفر کو مختصر وقت میں سمو دیا ہے۔ پنجاب کے وزیر برائے صنعت و سرمایہ کاری چوہدری شافع حسین کو کینیڈا میں ہیڈ آف دی سٹیٹ جیسا پروٹوکول دیا گیا کیونکہ دو دہائیوں کے بعد کسی پاکستانی وزیر کا یہ آفیشل ٹور تھا۔ اس میں کینیڈا میں تعینات پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم خان، قونصل جنرل ٹورنٹو خلیل احمد باجوہ اور کمرشل اتاشی التمش کی کوششیں بھی قابل قدر ہیں۔ اونٹاریو کے وزیر برائے معاشی ترقی روزگار اور تخلیق و تجارت وکٹر فیڈیلی سے چوہدری شافع حسین اور رانا تنویر کی ملاقات بہت ہی کارآمد ثابت ہوئی۔ فیڈیلی نے نہ صرف پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت قبول کی بلکہ انھوں نے تجارت سرمایہ کاری اور اہم معاملات پر تعاون بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

ورلڈ ٹریڈ ڈویلپرز کے زیر اہتمام پیئرسن کنونشن میں ہونے والی تقریب کا افتتاح اونٹاریو کی صوبائی اسمبلی کی رکن اینڈریا ہیزل اور لی فیئر کلوتھ نے کیا۔ پنجاب کے وزیر سرمایہ کاری وصنعت چوہدری شافع حسین مہمان خصوصی تھے۔ دونوں ملکوں کے مقررین اور بین الاقوامی مندوبین نے اپنے خطابات میں تجارت، سرمایہ کاری، صنعت کاری، نیٹ ورکنگ اور بین الاقوامی تعاون کے لیے مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنے پر رانا محمد تنویر کے کردار کو سراہا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ یہ محض ایک ایکسپو نہیں، تجارتی مشن ہے جس کا مقصد پنجاب میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور پاکستان و کینیڈا کے درمیان تجارتی معاشی تعاون کو وسعت دینا ہے۔ تقریب میں پاکستان کے معروف کاروباری ادارے غنی گروپ کے اویس غنی اور بگ برڈ گروپ کے عبدالباسط بھی شریک تھے جنھوں نے کئی کاروباری ایم او یو بھی سائن کیے۔ افتتاحی سیشن میں پاکستانی سفارتکاروں نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ عراق کا چھ رکنی تجارتی وفد حسنین محمد جواد محی الدین کی قیادت میں شریک ہوا۔ گھانا سے آئزک کنٹسن ٹیئر شامل تھے اور دیگر بین الاقوامی شرکاء میں ایل سلوا ڈور خلیجی ممالک فرانس گلوکو سے تعلق رکھنے والے نمائندے بھی شامل تھے۔ تقریب کو ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے دنیا کی مختلف چیمبرز آف کامرس اور کاروباری اداروں نے دیکھا۔ اس تقریب کا سب سے اہم پہلو بین الاقوامی مندوبین کو کینیڈا کے بڑے تجارتی مراکز سے جوڑا گیا اس وسیع تر مشن سے منسلک ملاقاتوں میں ٹورنٹو ریجن بورڈ آف ٹریڈ، ورلڈ ٹریڈ سنٹر ٹورنٹو، انویسٹمنٹ اونٹاریو، اونٹاریو انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ سنٹر کے ساتھ میٹنگز شامل تھیں۔ یہ ملاقاتیں اس لیے اہم تھیں کہ کینیڈا کے ادارہ جاتی نظام کو سمجھا جائے۔ ان ساری سرگرمیوں کو دیکھا جائے تو ورلڈ ٹریڈ ڈویلپرز ایک ایونٹ آرگنائزر سے بڑھ کر تجارتی سہولت کار اور ادارہ جاتی رابطوں کا ذریعہ بن گیا ہے۔

برطانوی سیاست میں بدلتے رجحانات

تحریر: طاہر جمیل نورانی

آج آپ سے موجودہ برٹن اور 1707ء کے اس گریٹ برٹن کے حوالے سے جس نے 19ویں صدی میں بڑی عالمی بحری، تجارتی اور نوآبادیاتی قوت اور مدر آف ڈیموکریسی کا غیر معمولی اعزاز حاصل کرتے ہوئے 99 برس تک دنیا پر غلبہ اور 200 برس تک عالمی اثر و رسوخ قائم رکھا، کے بدلتے سیاسی مدوجزر کے بارے میں 'یونائیٹڈ کنگڈم' کی ایسی معلومات شیئر کرنی ہیں جو سکولوں، کالجوں میں زیر تعلیم طلبہ اور بالخصوص مقابلے کا امتحان دینے والے امیدواروں کے لیے بے حد مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ برطانیہ کے حدود اربعہ کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے برٹن، گریٹ برٹن، یو کے اور انگلینڈ کے بارے میں جاننا بہت ضروری ہے۔ جغرافیائی اور آئینی اعتبار سے مذکورہ چاروں اصطلاحات میں واضح فرق ہے۔

یو کے کسے کہتے ہیں؟ بنیادی طور پر اس کا درست نام 'یونائیٹڈ کنگڈم آف گریٹ برٹن اینڈ ناردرن آئرلینڈ' ہے جبکہ اس ریاست میں چار اکائیاں انگلستان، ویلز، سکاٹ لینڈ اور شمالی آئرلینڈ ہیں جن کے بارے میں دنیا کے بیشتر لوگ اور برطانوی تاریخ کے مطالعہ سے نابلد افراد 'انگلینڈ' کو ہی پورے 'یو کے' کا نام دے دیتے ہیں جو قطعی درست نہیں۔ اس کے مقابلے میں 'گریٹ برٹن' ایک بڑے جزیرے کی جغرافیائی اصطلاح ہے جس میں انگلینڈ، سکاٹ لینڈ اور ویلز واضح ہیں جبکہ شمالی آئرلینڈ اس میں شامل نہیں۔ اس لیے ذہن میں رہے کہ 'گریٹ برٹن' اور 'یونائیٹڈ کنگڈم' ایک دوسرے کے مترادف ہیں۔ اب یہ سوال کہ پھر 'برٹن' کا مفہوم کیا ہے؟ یہ ایسا لفظ ہے جسے لوگ بالعموم بطور 'گریٹ برٹن' بھی استعمال کرتے ہیں جبکہ بعض مواقع پر اسے 'یونائیٹڈ کنگڈم' کے معنی میں بھی استعمال کر لیا جاتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس میں جغرافیائی حدود اور ریاست کا خیال رکھا جائے۔

اسی طرح 'انگلینڈ' اور 'یو کے' کے بارے میں بھی ایک عام غلط فہمی یہ پائی جاتی ہے کہ انگلستان یو کے کا صرف ایک ہی حصہ ہے جبکہ سکاٹ لینڈ اور ویلز اپنی الگ قومی شناخت رکھتے ہیں۔ درست نہیں۔ جبکہ چاروں اکائیوں کے افراد کو انگلش قرار دینا بھی درست نہیں اور اسی لیے ویسٹ منسٹر لندن میں قائم یو کے پارلیمنٹ کو یونائیٹڈ کنگڈم کا مرکزی ادارہ کہا جاتا ہے جہاں ارکان پارلیمنٹ کی کل تعداد 650 ہے جن میں یو کے کی چاروں اکائیوں کی نمائندگی موجود ہے جسے دنیا میں ہاؤس آف پارلیمنٹ کے نام سے جانا جاتا ہے مگر 300 برس تک غلبہ قائم رکھنے والا 'گریٹ برٹن' مبینہ طور پر اب یک نئے جغرافیائی، سیاسی اور آئینی عمل سے دوچار ہونے جا رہا ہے جہاں سوالات کا دائرہ کار بھی اب بڑھنے لگا ہے۔ سوال اب یہ اٹھنے لگا ہے کہ برطانیہ اپنی طاقت کو کیا متحد ریاست کی حیثیت سے برقرار رکھ پائے گا؟ یا مستقبل قریب میں اسکاٹ لینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ کے جغرافیائی اور سیاسی راستے اسے ایک نئی آئینی شکل دینے پر مجبور ہو جائیں گے؟ سوال اب یہ بھی اٹھنے لگا ہے کہ برطانیہ بطور یو کے اب مزید کتنے عرصے تک اس سیاسی شکل میں قائم رہے گا؟

برطانوی جغرافیائی حیثیت کے بارے میں اٹھنے والے ان سوالات کا دائرہ کار اگلے روز اس وقت طول پکڑ گیا جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ آئرلینڈ کے دورہ پر تھے۔ اپنے اس دورہ کے دوران انھوں نے آئرلینڈ کے اتحاد کے بارے میں کہا کہ آئرلینڈ کو وہ متحد دیکھنے کے متمنی ہیں۔ انھوں نے آئرلینڈ کے اتحاد کے امکان کے بارے میں مثبت رائے کا اظہار تو کیا مگر انھوں نے 'شمالی آئرلینڈ' کو برطانیہ سے فوری طور پر الگ کرنے کے بارے میں خاموشی اختیار کی تاہم ان کا کہنا تھا کہ مذکورہ اتحاد مستقبل قریب میں کسی بھی وقت متوقع ہے مگر ساتھ یہ بھی تسلیم کیا کہ برطانیہ کا اس معاملے پر اپنا موقف ہوگا جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ آئرلینڈ کو آخر ایک دن متحد ہونا ہی ہے تو کیوں نہ اب ہی وہ متحد ہو جائے۔

دوسری جانب سکاٹ لینڈ کے ایس این پی رہنما جان سوینی، ویلز کے پلیڈ کمری رہنما، رون اپ ایوروتھ، شمالی آئرلینڈ کے لین فین رہنما، میشل اونیل اور لین فین کی صدر 'میری لومیک ڈونلڈ' نے ایک مفاہمتی یادداشت کے ذریعے اس اصول کی حمایت کی ہے کہ ان خطوط کے عوام کو اپنے سیاسی اور آئینی مستقبل کا فیصلہ کرنے کا مکمل حق ہونا چاہیے۔ اس سلسلہ میں عوامی رائے عامہ اور تقاریر سے یہ بھی صاف عیاں ہے کہ اگست 2026ء کے ایک عوامی رائے عامہ میں 47 فیصد سکاٹش لوگ آزاد وطن کے حق میں جبکہ 43 فیصد افراد نے مخالفت کی ہے جبکہ اس کے علاوہ ایک مخصوص تعداد نے کوئی فیصلہ کن رائے نہیں دی۔ اسی طرح ویلز کی آزادی کا خاکہ قدرے مختلف ہے۔ عوام کی ستمبر میں آئی ٹی وی میں دی گئی رائے کے مطابق 20 فیصد عوام کا کہنا تھا کہ اگر ریفرنڈم ہوا تو وہ آزادی کے حق میں ووٹ دیں گے۔ 'ویلز' میں زیادہ رائے عامہ زیادہ اختیار کا حصول چاہتی ہے۔ مزید آگے کیا ہونے جا رہا ہے، اس بارے میں کوئی بھی رائے ابھی حتمی نہیں کہ سکاٹ لینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ کو اگر الگ الگ دیکھا جائے تو رہنماؤں کی حالیہ تقاریر اور سیاسی بیانات سے تین مختلف سیاسی راستے نظر آتے ہیں جن کے بارے میں کوئی بھی حتمی پیشین گوئی نہیں کی جا سکتی۔

سکاٹ لینڈ میں آزادی کا سوال سب سے زیادہ واضح ہے۔ 'ویلز' زیادہ مالی اختیارات اور خود مختاری چاہتا ہے مگر اس اتحاد کا ایک اہم پہلو یورپ سے اتحاد' ہے۔ یہ اتحاد یورپ کے ساتھ تعلقات اور علاقائی تعاون سمیت کئی دیگر شعبوں میں مل کر کام کرنے کی بھی خواہش رکھتا ہے۔ مذکرہ اتحاد یہ بھی محسوس کرتا ہے کہ BREXIT ریفرنڈم کے ذریعے برطانیہ کے یورپی یونین سے نکلنے کے فیصلے سے اقتصادی اور سیاسی مواقع محدود کر دیے گئے اس لیے مستقبل میں یورپی یونین سے قریبی تعلقات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ان حالات کے پیش نظر فی الحال یہ اندازہ لگانا کہ برطانیہ کہیں فوری طور پر ٹوٹنے تو نہیں جا رہا، محض ایک عوامی سوچ ہے جبکہ ایسا ابھی کچھ بھی نہیں ہونے جا رہا۔ لندن حکومت پہلے ہی واضح کر چکی ہے کہ اس کی پہلی ترجیح برطانیہ کی وحدت، معاشی ترقی اور عوام کو درپیش مسائل کا حل ہے، آزادی اور ریفرنڈم نہیں۔

سعودی عرب: پاکستان کے دل کے قریب

سعودی عرب کا یوم قومی صرف سعودی عوام کے لیے خوشی اور فخر کا دن نہیں بلکہ پاکستان سمیت دنیا بھر کے ان مسلمانوں کے لیے بھی محبت اور عقیدت کا موقع ہے جن کے دل سرزمین حجاز اور حرمین شریفین سے وابستہ ہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات محض دو ریاستوں کے سفارتی روابط نہیں بلکہ عقیدے، تاریخ، اخوت، اعتماد اور عوامی محبت سے جڑا ہوا ایک منفرد رشتہ ہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب کے سفارتی تعلقات کو کئی دہائیاں گزر چکی ہیں۔ وقت کے ساتھ یہ تعلق دفاع، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، توانائی اور دیگر شعبوں تک وسیع ہوا ہے۔ دونوں ممالک کے عوامی روابط اس رشتے کی سب سے مضبوط بنیاد ہیں۔ پاکستانی قوم سعودی عرب کو صرف ایک برادر ملک نہیں سمجھتی بلکہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی نسبت کی وجہ سے اس سرزمین کے ساتھ ایک گہری روحانی وابستگی بھی رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سعودی عرب کی خوشی پاکستان میں بھی خوشی کا باعث بنتی ہے اور مملکت کی ترقی و استحکام کے لیے پاکستانی عوام ہمیشہ نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔ گزشتہ برسوں میں سعودی عرب نے ترقی کے ایک نئے مرحلے میں قدم رکھا ہے۔ وژن 2030 کے تحت معیشت کو متنوع بنانے، سرمایہ کاری بڑھانے، سیاحت، ٹیکنالوجی، صنعت، ثقافت اور انسانی وسائل کے شعبوں کو ترقی دینے کے لیے بڑے منصوبے جاری ہیں۔ خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی قیادت اور ولی عہد و وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی نگرانی میں سعودی عرب جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے ساتھ اپنی اسلامی، تہذیبی اور قومی شناخت کو بھی برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔

دکھی سیارے

تحریر: عبداللہ طارق سہیل

برصغیر میں بالعموم اور پاکستان میں بالخصوص عورتوں اور بچوں کو قتل کرنا بنیادی حقوق میں شامل ہے اور بالعموم ادارے اس بنیادی حق اور اسکے استعمال کا احترام کرتے ہیں۔ زیادہ تر شروع ہی میں معاملہ نمٹ جاتا ہے، کسی وجہ سے طول پکڑ جائے تو بہرحال اوپر جا کر "بریت" ہو جاتی ہے اور ہر بریت باعزت ہی ہوتی ہے، وضاحت کرنے کی ضرورت نہیں۔

ایک اخبار کی ویب سائٹ پر خبر کی سرخی کچھ یوں ہے کہ،

اوکاڑہ: بیوی نے شوہر کو زخمی کیا، شوہر نے بیوی کو قتل کر دیا۔ یعنی سیلف ڈیفنس کا معاملہ بھی ہو گیا۔ ایسی بیوی کو تو دو بار قتل کرنا چاہیے، لیکن مجبوری ہے، کسی کو بھی دوسری بار قتل نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن یہ سرخی ہے، خبر میں کچھ اور ہے۔ شوہر عبدالخالق اپنی بیوی ثمینہ کو پستول سے قتل کرنے والا تھا، بیوی نے منت سماجت کی لیکن شوہر نے پستول اس پر تان لی اور ٹریگر دبا دیا۔ اس دوران بیوی نے بچاؤ کی خاطر پستول پر ہاتھ مارا، گولی شوہر کے کندھے کو چھوتی ہوئی گزر گئی۔ بے چارے شوہر کو اپنا بنیادی حق استعمال کرنے کے لئے پستول دوسری بار تاننا پڑا اور یوں اس نے بیوی کا کام تمام کر دیا۔ سرخی جمانے والے سب ایڈیٹر بظاہر مردوں کے اس بنیادی حق کے زبردست حامی محسوس ہوتے ہیں اسی لئے اس نے مقتولہ کو اپنے قتل کا خود ہی ذمہ دار قرار دے دیا۔

صرف بیوی یا بہن ہی نہیں، دور و نزدیک کی کسی بھی رشتہ دار عورت پر یہ بنیادی حق استعمال کیا جا سکتا ہے۔ پچھلے دو مہینوں میں ویسی خبریں بار بار پڑھی یعنی تین واقعات دو ماہ میں ہوئے جن میں کسی نے اپنی منگیتر کو قتل کر دیا۔

یعنی یہ تصور بالکل باطل ہے کہ عورت نکاح کے بعد مرد کی ذاتی ملکیت بن جاتی ہے۔ حالانکہ حقوق ملکیت منگنی کے ساتھ ہی بلکہ بسا اوقات بات چیت شروع ہوتے ہی مل جاتے ہیں۔

کوئی دن نہیں جاتا کہ ایک یا ایک سے زیادہ بچے، ایک یا ایک سے زیادہ عورتیں اس ''حق ملکیت'' کے تحت قتل نہ کی جاتی ہوں۔ کچھ عرصہ سے کئی کئی بچے ایک ہی واردات میں قتل کر دیے جاتے ہیں۔ کراچی کے سرجانی ٹاؤن میں کسی کی بری نظر ایک شادی شدہ خاتون پر تھی۔ اس نے انکار کیا تو پہلے اسے، پھر باری باری اس کے تین کم عمر بچوں کو سریے کے وار سے قتل کر ڈالا۔ سب سے آخر میں جس بچی کی باری آئی، اس کی اذیت، اس کا خوف سب سے بڑھ کر ہوگا۔ ایک باپ نے تینوں بچے نہر میں ڈبو کر مار ڈالے۔ ایک واقعہ البتہ اپنی نوعیت میں عجیب اور معاشرے پر زیادہ بڑا سوالیہ نشان تھا۔ یہ واقعہ کراچی میں ہوا جہاں ایک گھر سے عمر نامی ایک ڈاکٹر اس کی بیوی اور تین بچوں کی لاشیں برآمد ہوئیں۔ یہ اجتماعی موت 5 روز پرانی تھی۔ گھر کی تلاشی لی گئی تو پتہ چلا کہ ان کے گھر میں کھانے کو کچھ نہ تھا۔ باورچی خانے کے تمام برتن خالی تھے۔ آٹا تھا نہ دال نہ کوئی اور شے از قسم اجناس، فرج کھولی گئی تو وہ بھی خالی۔ محلے داروں نے بتایا کہ ڈاکٹر پہلے ایک ہسپتال میں ملازم تھا۔ پھر کسی وجہ سے اس کی نوکری ختم ہو گئی۔ گھر میں تنگی آ گئی۔ خاتون خانہ کچھ روز سے اپنے گھر کی اشیاء بیچنے کی فکر میں تھی۔ اپنا اوون لے کر پڑوس کے گھر گئی کہ اسے خرید لو۔ پڑوسن کو ضرورت نہیں تھی، ہوا یوں کہ کئی روز کے فاقوں کے بعد ماں باپ نے بچے مار کر خودکشی کا فیصلہ کیا۔ بچو، ہم تمہیں کھانا نہیں دے سکتے، ہم تمہیں ایسی جگہ بھیج رہے ہیں جہاں کھانے پینے کی اشیا کی کوئی کمی نہیں۔ وہاں دکھ نہیں ہے، بس سکھ ہی سکھ ہے۔

اب ہمارا معاشرہ ایسا ہو گیا کہ جہاں کسی کو پڑوس کی خبر ہے نہ خبر لینے کی پروا۔ حکومت اور ریاست کا ہمارے ہاں تصور ہی کچھ اور ہے۔

کرہ ارض دکھی سیارہ ہے۔ کیا کائنات میں اور بھی اس طرح کے دکھی سیارے، لاکھوں، کروڑوں، اربوں کی تعداد میں ہوں گے یا ہمارا یہ دکھی سیارہ اپنی ذات میں منفرد ہے۔ خدا نے اپنی تابعداری کیلئے کتنے سیاروں پر مخلوق بنائی ہوگی۔؟

معلوم کائنات، یعنی کائنات کا وہ حصہ جو انسانی مشینوں لہروں کی زد میں ہے، بہت سی کہکشاؤں کا مجموعہ ہے۔ اب سے محض آٹھ دس برس پہلے ہیئت دان بتاتے تھے کہ ان کی تعداد دو سو ارب ہے۔ کتنا بڑا عدد ہے، ناقابل فہم حد تک بڑا۔ لیکن اب سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ کہکشاؤں کی تعداد 20 کھرب ہے۔ 20 کھرب... دو ٹریلین۔

ایک کہکشاں میں اوسطاً دس کھرب سورج اور چار سو ارب سیارے ہوتے ہیں۔ ہمارے سولر سسٹم کے نو میں سے ایک سیارہ آباد ہے۔ کیا یہی فارمولا باقی کائنات کی بھی ہے؟ یعنی اوسطاً نو دس سیاروں میں سے ایک پر زندگی ہے۔؟

کائناتی فاصلے نوری سال سے ماپے جاتے ہیں۔ یعنی ایک آباد سیارے کا دوسرے قریب ترین آباد سیارے کے درمیان اتنا فاصلہ ہے کہ قیامت تک طے نہیں ہو سکتا۔ یعنی آباد سیاروں کے باہمی رابطے کی کوئی صورت نہیں۔ تکوینی نظام کے ''حجابات اکبر'' میں اسے بھی شامل سمجھا جائے؟ ایک نوری سال بھی 587862537318 میل ہوتے ہیں۔ یعنی لگ بھگ 12 کھرب میل۔ ہماری کہکشاں کا نصف قطر ایک لاکھ نوری میل ہے۔ خدا ہی جانتا ہے، ان میں دکھی سیارے کتنے کھرب ہیں اور سکھی کتنے۔

عوامی مارچ اور عوام

تحریر: سرفراز راجا

پاکستان میں تاریخی طور پر لانگ مارچوں کی کامیابی کا ریکارڈ زیادہ اچھا نہیں رہا، پھر بھی یہ سیاست میں ایک موثر ہتھیار اور آخری حکمت عملی کی حیثیت رکھتے رہے ہیں۔ اب تو صورت حال یہ بن چکی ہے کہ ہمارے یہاں لانگ مارچ بھی بچپن کی 'شیر آیا، شیر آیا' والی کہانی کی طرح ہو چکے ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں مسلسل لانگ مارچوں نے اسے سیاسی جلسوں کی طرح معمول کی سیاسی سرگرمی بنا دیا ہے۔ آج کل بھی ملک میں ایک لانگ مارچ جاری ہے اور دوسرا چند دن کی دوری پر ہے۔ جماعت اسلامی کا لانگ مارچ بظاہر ایک عوامی مسئلے یعنی پٹرول کی قیمتوں میں کمی کے یک نکاتی ایجنڈے پر ہے۔ اس کے پیچھے ہفتوں پر محیط ملک گیر دھرنے اور حکومت کے ساتھ مذاکراتی نشستیں بھی ہیں۔ اس احتجاج کی قابل ستائش بات یہ رہی کہ اس میں عوام کی مشکلات کو ملحوظ خاطر رکھا گیا، شہریوں کی روزمرہ زندگی میں خلل پیدا نہیں ہونے دیا گیا، اور جلسوں میں حکومت پر تنقید تو کی گئی مگر کوئی قابل اعتراض بیان یا نعرہ سننے کو نہیں ملا۔ مذاکرات کے دوران مطالبات سے متعلق تجاویز بھی پیش کی گئیں اور اس پر حکومت کیساتھ مذاکراتی نشستوں کی کئی ادوار بھی ہوئے۔ دوسری جانب تحریک انصاف کا لانگ مارچ ابھی شروع نہیں ہوا، مگر جو ماحول بنایا جا رہا ہے اس نے تلخی میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔ تحریک انصاف کے اہم رہنماؤں کی جانب سے 'اسلام آباد کو تباہ کر دیں گے' جیسے بیانات میڈیا کی زینت بن رہے ہیں، جو کسی بھی طور مہذب سیاسی رویہ نہیں۔ ہمارے یہاں احتجاج کرنے والے اسے آئینی حق قرار دیتے ہیں۔ یہ بات اپنی جگہ درست ہے، مگر راستے بند کر کے افراتفری پھیلانا اور نقل و حرکت معطل کر دینا بھی عوام کو ان کے بنیادی آئینی حق سے محروم کرنے کے مترادف ہے۔ پھر مہذب ممالک کی مثالیں دی جاتی ہیں، حالانکہ وہاں احتجاج سے قبل انتظامیہ سے اجازت لازمی ہوتی ہے، جگہ اور وقت کا تعین ہوتا ہے، اور اس کی پابندی لازم قرار دی جاتی ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں وہی سلوک روا رکھا جاتا ہے جو ہمارے یہاں کیا جاتا ہے۔ بدقسمتی سے حقیقت یہ بن چکی ہے کہ ہمارے یہاں احتجاج کرنے والوں کو بخوبی علم ہوتا ہے کہ اگر راستے بند نہیں کیے گئے اور عوام تنگ نہیں ہوئے تو انھیں کوئی توجہ حاصل نہیں ہوگی۔ گویا راستے بند کر دینا، عوام کی نقل و حرکت روک دینا ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ تحریک انصاف کے احتجاج کی بات کریں تو کسی کو معلوم نہیں کہ اس میں کیا کیا جانا ہے اور مطالبہ کیا ہوگا۔ پوچھنے پر کہہ دیا جاتا ہے کہ یہ 'سرپرائز' ہے۔ یقین جانیے، دنیا کے کسی مہذب ملک میں ایسے 'سرپرائز' احتجاج کی اجازت نہیں دی جاتی، مگر ہمارے ہاں بڑے زور و شور سے اسے آئینی حق قرار دے دیا جاتا ہے۔ اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے، جہاں دنیا بھر کے سفارت خانے اور اہم ترین اداروں کے دفاتر موجود ہیں۔ دنیا کے کسی مہذب ملک میں کسی جماعت یا گروہ کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ ہزاروں افراد کے ساتھ دارالحکومت پہنچ جائے اور پھر یہ بھی نہ بتائے کہ وہ کب تک، کہاں، کیا کچھ اور کس مقصد کے لیے کرے گا۔

اب جماعت اسلامی کا مارچ جاری ہے، مگر حکومت اور نہ عوام کو کسی افراتفری کا خدشہ ہے اور کی وجہ وہ اعتماد ہے جو ان کے ماضی قریب کے منظم اور پرامن احتجاجوں کی وجہ سے پیدا ہوا۔ دوسری جانب تحریک انصاف کی قیادت اپنے بیانات سے افراتفری کا ماحول پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ ماضی میں بھی 'مرنے مارنے' کے بیانات کے ساتھ ان کے احتجاج ہوئے اور نتیجہ سب کے سامنے ہے۔ اس بار بھی کچھ ایسا ہی ماحول بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ 27 ستمبر کی تاریخ کا اعلان کیا گیا تھا اور چالیس لاکھ افراد اسلام آباد لانے کا دعویٰ کیا گیا تھا، مگر اب اس پلان میں تبدیلی کر دی گئی ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ مارچ ملک بھر سے نہیں بلکہ صرف خیبر پختونخوا سے ہوگا۔ پہلے مارچ صوابی پہنچے گا، پھر آگے کا اعلان ہوگا، اور اکتوبر یا نومبر میں یہ مارچ اسلام آباد پہنچے گا۔ ایسا اعلان اس مارچ کو موخر کرنے کے مترادف ہے، مگر اس کا نقصان یہ ہے کہ جو افراتفری کا ماحول پیدا کیا گیا ہے وہ طویل عرصے تک برقرار رہے گا۔ اسلام آباد کنٹینرسٹی بنا رہے گا، کاروبار مندی کا شکار ہوں گے، اور ملکی معیشت کو روزانہ اربوں روپے کا نقصان ہوتا رہے گا۔ دیکھا جائے کہ اس کا فائدہ کیا ہوگا تو جواب صرف یہ ہے کچھ نہیں۔ یہ احتجاج کس کے خلاف ہوگا؟ حکومت کے خلاف نہیں، بلکہ خود ملک کے خلاف۔ کیا اس احتجاج سے عمران خان رہا ہو جائیں گے؟

CamScanner

بقیہ اُستمان 01

شدید خوف و ہراس پھیل گیا، کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ اُستمان 02

زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد پولیس نے فوری جوابی کارروائی کی، جس میں ایک مبینہ حملہ آور ہلاک ہوگیا جبکہ دوسرا فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ پولیس ذرائع کے مطابق زخمی اہلکاروں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر فرار ہونے والے مبینہ حملہ آور کی تلاش شروع کردی۔ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات اور حملے میں ملوث عناصر کی شناخت کے لیے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ اُستمان 03

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کو بلوچستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے ان کی عوامی خدمت کے جذبے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اس تقریب میں مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے نمائندگان کی شرکت اس امر کی عکاس ہے کہ یہ بلوچستان کے عوام کے لیے ایک مشترکہ اور عوامی نوعیت کا منصوبہ ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس بلوچستان میں اپنی نوعیت کی پہلی میٹرو ٹرین سروس ہے جس کا مقصد شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم لاگت سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس منصوبے سے عام آدمی، مزدور، طلبہ اور پیشہ ور افراد سب سے زیادہ مستفید ہوں گے انہوں نے کہا کہ منصوبے کے حوالے سے ابتدائی طور پر چین سے انجن اور بوگیاں درآمد کرنے کی تجویز تھی، جس پر 50 سے 60 ارب روپے لاگت آنا تھی اور اس کی تکمیل کے لیے تین سے چار سال درکار ہوتے تاہم وفاقی وزیر ریلویز کی تجویز پر پاکستان ریلویز سے ہی نئے انجن اور بوگیاں تیار کروانے کا فیصلہ کیا گیا جس سے نہ صرف وقت اور وسائل کی بچت ہوئی بلکہ ملکی اداروں کی استعداد سے بھی استفادہ کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس سروس کو دو ٹرینوں تک وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے تاکہ اگلے سال تک دونوں اطراف سے ٹرینیں چلائی جاسکیں۔ انہوں نے بتایا کہ بوستان انڈسٹریل اسٹیٹ تک ریلوے ٹریک کی ترقی پر کام پہلے ہی شروع کیا جا چکا ہے جبکہ مستقبل میں میٹرو ٹرین سروس کو پشین اور بوستان سے مستونگ تک توسیع دینے کا منصوبہ بھی زیرغور ہے وزیراعلیٰ نے منصوبے کی تکمیل میں تعاون پر وزیراعظم محمد شہباز شریف، صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، فرنٹیئر کور بلوچستان اور دیگر متعلقہ اداروں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی پلان اور ریلوے ٹریک کی تکمیل میں متعلقہ اداروں کے تعاون سے یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچا انہوں نے کہا کہ اگست کے دوران بعض رکاوٹوں کے باعث منصوبے میں معمولی تاخیر ہوئی تاہم ان مشکلات پر قابو پالیا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی ترقی اور سہولت حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور صوبے کے عام آدمی کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس بلوچستان کے عوام کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے جس کا کریڈٹ بلوچستان کے عوام، بیوروکریسی، پارلیمانی نمائندگان، صوبائی کابینہ، پاکستان ریلویز اور تمام سیاسی جماعتوں کے تعاون کو جاتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اعلان کیا کہ بزرگ شہریوں اور خصوصی افراد کے لیے جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس میں سفر مکمل طور پر مفت ہوگا جبکہ دیگر شہریوں کے لیے بھی کرایہ رعایتی اور عام آدمی کی استطاعت کے مطابق سبسڈائزڈ ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے منصوبے پر عمل درآمد اور پیش رفت میں تیزی پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی کاوشوں کو بھی سراہا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن، ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں تاہم ریاست کے خلاف طاقت کے استعمال اور بندوق کے ذریعے کسی نظریے کو مسلط کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

بقیہ اُستمان 04

مطابق نوشکی شہر میں داخل ہونے والے مسلح افراد نے ایک نجی بینک کے سامنے فائرنگ کی اور فائرنگ کر کے وہاں نصب سیکیورٹی کیمرا کو ناکارہ بنا دیا۔ اس کے علاوہ بازار کے مصروف ترین مقام طارق چوک پر مسلح افراد کی جانب سے ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں سے مبینہ طور پر اسلحہ چھیننے کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں۔ واقعات کے بعد شہر بھر میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے، تاہم متعلقہ انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کی جانب سے صورتحال پر قابو پانے اور مسلح افراد کی تلاش کے حوالے سے مزید تفصیلات کا انتظار کیا جارہا ہے۔

بقیہ اُستمان 05

بنانے کیلئے بہت محنت کی۔ لندن اسٹاک ایکسچینج گروپ کے سی ای او ڈیوڈ شوئمر اور سینئر حکام نے شہباز شریف کا استقبال کیا، وزیراعظم نے تقریب میں مدعو کیے جانے کو اعزاز قرار دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا لندن سٹاک ایکسچینج کا دورہ، مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے لندن سٹاک ایکسچینج کا دورہ کیا اور مارکیٹ اوپن تقریب میں شرکت کی، جہاں انہوں نے خطاب بھی کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ لندن سٹاک ایکسچینج کی مارکیٹ اوپن تقریب میں مدعو کیا جانا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ برسوں میں ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور محنت کی ہے۔ وزیراعظم کہنا تھا کہ پاکستان کے میکرو اکنامک اشاریے مسلسل بہتری کی جانب گامزن ہیں، کہ معاشی استحکام کے لیے کیے گئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ ایک محفوظ مقام تک پہنچنے کے لیے درست سمت میں اپنا کردار جاری رکھیں گے، معاشی ترقی کے لیے وزیرخزانہ اور دیگر حکام کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔

بقیہ اُستمان 06

دیا جائے گا، افغان عوام ایک بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں اور انہیں اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے۔ منگل کو یہاں مقامی ہوٹل میں افغان صورتحال اور امن کی جانب پیشرفت کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان ہمسایہ ممالک ہیں اور ہمیشہ ہمسائے رہیں گے، دونوں ممالک کے درمیان تاریخی روابط اور تعلقات موجود ہیں تاہم ماضی میں تعلقات میں اتار چڑھاؤ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کی میزبانی کی اور انتہائی فراخ دلی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن کا خواہاں رہا ہے اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے، اس مقصد کے لئے مختلف اوقات میں مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے مسائل کے حل کی کوششیں کی گئیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان سے اعلیٰ سطح کے مختلف وفود افغانستان گئے تاکہ مسائل کا حل تلاش کیا جاسکے اور دونوں ممالک کے درمیان پرامن بقائے باہمی کو یقینی بنایا جاسکے جبکہ استنبول اور دوحہ سمیت دوست ممالک میں بھی مذاکرات ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ امن حاصل کیا جاسکتا ہے اور پاکستان نے امن کو موقع دینے کے لئے ہر ممکن کوشش کی تاہم سوال یہ ہے کہ کیا امن کے حصول کا عزم موجود ہے؟ بدقسمتی سے اس کا جواب نفی میں ہے۔

بقیہ اُستمان 07

سات مسافر زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹیچنگ ہسپتال سبی منتقل کیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جارہی ہے۔ زخمیوں میں اللہ داد ولد امداد سکنہ شکارپور، شفیق ولد ایوب سکنہ شکارپور، گلاب ولد مرید خان سکنہ کوئٹہ، نعمت خان ولد ظاہر احمد سکنہ کوئٹہ، ولی محمد ولد محمد اشرف سکنہ کوئٹہ جبکہ دو نامعلوم افراد شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثہ مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان ٹکر کے باعث پیش آیا، تاہم حادثے کی مزید وجوہات معلوم کی جارہی ہیں۔

بقیہ اُستمان 08

دے دی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ قومی اسمبلی کا اجلاس اتحادی جماعتوں کی مشاورت سے طلب کیا جارہا ہے، جبکہ ایوان کی کارروائی کا باقاعدہ ایجنڈا بعد میں جاری کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس کے دوران وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان ملاقات کا بھی امکان ہے، اجلاس میں قانون سازی کے لئے مختلف بلز ایوان میں پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹس، آرڈیننسز اور دیگر دستاویزات بھی ایوان میں پیش کی جائیں گی، اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی اور معاشی صورتحال پر بھی بحث متوقع ہے۔

بقیہ اُستمان 09

گا اور اگر ہماری سیکیورٹی یقینی نہ بنائی گئی تو کوئی انفراسٹرکچر محفوظ نہیں رہے گا۔ انہوں نے منگل کے روز پارلیمان کے آن لائن منعقد ہونے والے اجلاس کی کارروائی شروع ہونے سے قبل خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی عوام کو محاصرے اور دھمکیوں سے کبھی خوف زدہ نہیں ہونا چاہیے۔ قالیباف نے کہا کہ اگر امریکہ اس بنیادی حقیقت کو نہ سمجھے تو وہ ایرانی قوم کی جانب سے بار بار سخت جواب ملنے کے چکر میں پھنسا رہے گا۔ اس سے قبل پارلیمان کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے کہا تھا کہ ایران 40 روزہ جنگ سے بھی زیادہ سخت جنگ کا جواب دینے کے لئے تیار ہے۔

بقیہ اُستمان 10

آ گئی ہیں۔ اس صورتحال کے بعد کراچی میں مغویوں کے اہل خانہ نے ایک بار پھر حکومت سے اپنے پیاروں کی فوری بازیابی کے لئے ہنگامی اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ بیشتر مغوی پاکستانیوں کی طبیعت انتہائی خراب ہے اور انہیں فوری طبی امداد کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے مغویوں کے ساتھ ان کا کوئی رابطہ نہیں ہوسکا ہے۔ دوسری جانب جہاز کے سیکنڈ آفیسر نے بتایا ہے کہ بحری قزاق جہاز کو دوبارہ اسی جگہ واپس لے جارہے ہیں جہاں سے وہ اسے اغوا کرکے لائے تھے۔

بقیہ اُستمان 11

وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت اور مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا ہے۔ انہوں نے خیبرپختونخوا کے قبائلی ضلع خیبر کے علاقے باڑہ میں 5 اور بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں 2 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ خوارجی دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مسلسل اور کامیاب کارروائیوں کو پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان اور افسران ہمارا فخر ہیں اور پوری قوم کو اپنے محافظوں پر ناز ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان شاءاللہ عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کرکے دم لیں گے۔

بقیہ اُستمان 12

اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کرکے دم لیں گے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشت گرد ہلاک ہوئے، دہشت گردوں نے نوکچہ میں خالی واٹر بازر کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے کی کوشش کی تھی۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد این 40 شاہراہ کے مختلف مقامات پر آتشزدگی کی کارروائیوں میں بھی ملوث تھے، 31 اگست کو بھی اسی نوعیت کی تخریبی کارروائیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے 11 دہشت گرد مارے گئے تھے۔

بقیہ اُستمان 13

کے مطابق 70 ایکڑ سے زائد رقبہ متاثر ہو چکا ہے۔ علاقے میں مسلح شدت پسندوں اور سیکیورٹی خطرات کی وجہ سے تین دن گزرنے کے باوجود آگ بجھانے کی کوئی کارروائی شروع نہیں ہو سکی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق حکام کا کہنا ہے کہ آگ 25 ستمبر کو ضلع زیارت کے علاقے تنگی وام سرانہ کے پہاڑی سلسلے میں لگی۔ یہ علاقہ فیلہ غر کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہاں کے جنگلات سرکاری ملکیت ہیں۔ ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے پہلے دن بتایا کہ تقریباً دو ایکڑ رقبہ متاثر ہوا ہے۔ بعد میں محکمہ جنگلات نے سیٹلائٹ تصاویر کی مدد سے اندازہ لگایا کہ متاثرہ رقبہ 70 ایکڑ سے زیادہ ہے۔

بقیہ اُستمان 14

2026 کو دوپہر ڈھائی بجے (02:30) منعقد ہوگا۔ اجلاس میں محکمہ اطلاعات سے متعلق امور، ترقیاتی اسکیموں اور محکمانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا، جبکہ متعلقہ حکام کو اجلاس میں شرکت کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

بقیہ اُستمان 15

متبادل لانے کے لیے کوئی مشاورت نہیں ہوئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اسمبلی کو تحلیل کرنے اور سہیل کے متبادل کی تلاش سے متعلق خبریں من گھڑت ہیں انہوں نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے 4 اکتوبر لانگ مارچ کی کال دے رکھی ہے یاد رہے کہ قبل ازیں تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے پارٹی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر اور دیگر کو خط لکھ کر ملک کے وسیع تر مفاد میں لانگ مارچ فوری ملتوی کرنے کا کہا تھا خط کے مندرجات کے مطابق شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بیرونی خطرات اور دہشت گردی میں اضافے کے پیش نظر احتجاج ملتوی کیا جائے، وفاقی حکومت کچھ ایشوز کو بنیاد بنا کر ایمرجنسی نافذ کرنا چاہتی ہے ان کا کہنا ہے کہ ریاست سے ٹکرا کے بجائے مذاکرات کی راہ ہموار کی جائے، افغانستان سے ممکنہ حملہ ایمرجنسی کا جواز بن سکتا ہے، وفاقی حکومت کے پی حکومت پر تعاون نہ کرنے کا بیانیہ بنارہی ہے

بقیہ اُستمان 16

کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ کِک آف اجلاس میں شرکت کی، جس میں آئی ایم ایف مشن کی سربراہی آئیوا پیٹروا نے کی، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ای ایف ایف کے چوتھے جائزے پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن سے آر ایس ایف کے تیسرے جائزے پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی، معاشی ٹیم نے آئی ایم ایف وفد کو ملکی معاشی و اقتصادی صورتحال پر بریفنگ دی، وزیر خزانہ نے معاشی استحکام اور اصلاحات پر حکومت کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اجلاس کے دوران آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مقررہ اہداف اور اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جبکہ پاکستان کی معاشی کارکردگی، مالیاتی امور اور اصلاحاتی اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں آئی ایم ایف پروگرام کے اہداف کے حصول اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا گیا، معیشت کے استحکام، محصولات میں بہتری اور مالیاتی نظم و ضبط سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف مشن پاکستان کے معاشی و مالیاتی اقدامات پر حکام سے بات چیت جاری رکھے گا۔

بقیہ اُستمان 17

ہیں، ہراسانی قانون کا مقصد کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی سے تحفظ دینا ہے عدالت کے مطابق ہر نامناسب رویہ جنسی ہراسانی نہیں اور ہراسانی قانون کے تحت کارروائی کیلئے جنسی عنصر ضروری ہے عدالت نے کہا کہ ہراسانی ایکٹ کا اطلاق عمومی شکایات پر نہیں ہوتا، صدر مملکت محتسب کے فیصلے کیخلاف نمائندگی سننے کے مجاز ہیں، ہائیکورٹ محدود آئینی بنیادوں پر ہی مداخلت کرسکتی ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے دو بینک افسران کو برطرف کیا تھا اور صدر مملکت نے برطرفی کی سزا تبدیل کرکے سرزنش بھی کی تھی جب کہ ہائیکورٹ نے صدر کا حکم کالعدم کرکے محتسب کا فیصلہ بحال کیا تھا۔

بقیہ اُستمان 18

جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے ہیں۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کامیاب آپریشنز میں حصہ لینے والے سیکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو اپنے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔

بقیہ اُستمان 19

کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کی جانب سے واقعے کے محرکات جاننے کے لیے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ اُستمان 20

مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کیا گیا۔ دوران سماعت وکیل ریاست علی آزاد اور زینب عدالت میں پیش ہوئے۔ اس موقع پر پروٹوکول توڑنے اور پولیس پر تشدد کے کیس میں چالان کی نقول ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے وکلا کو فراہم کردی گئیں۔ عدالت کے مطابق آئندہ سماعت پر ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کی جائے گی، جس کیلئے عدالت نے 6 اکتوبر کی تاریخ مقرر کرتے ہوئے سماعت ملتوی تک کر دی ہے۔ یاد رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف تھانہ سیکرٹریٹ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ اُستمان 21

خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ کِک آف اجلاس میں شرکت کی، جس میں آئی ایم ایف مشن کی سربراہی آئیوا پیٹروا نے کی، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ای ایف ایف کے چوتھے جائزے پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن سے آر ایس ایف کے تیسرے جائزے پر بھی تفصیلی بات چیت ہوئی، معاشی ٹیم نے آئی ایم ایف وفد کو ملکی معاشی و اقتصادی صورتحال پر بریفنگ دی، وزیر خزانہ نے معاشی استحکام اور اصلاحات پر حکومت کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔

بقیہ اُستمان 22

اہلکاروں کی جرات و بہادری پر فخر ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مؤثر حکمت عملی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں گی

بقیہ اُستمان 23

بی آر کے مطابق یکم اکتوبر سے ملک میں لیٹ فائلر کی کیٹگری ختم ہوکر نان فائلر رہ جائے گی جبکہ نان فائلر کے لئے انکم ٹیکس گوشواروں پر لیٹ پیمنٹ کئی گنا ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یکم اکتوبر سے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے پر لیٹ کی بجائے نان فائلر کا جرمانہ لگے گا انفرادی گوشوارہ جمع نہ کرانے پر جرمانہ 1000 روپے کی بجائے 25 ہزار روپے تک پہنچ جائے گا، اسی طرح یکم اکتوبر سے لیٹ فائلر ایسوسی ایشن آف پرسن سے جرمانہ 10 ہزار کی بجائے 50 ہزار روپے جبکہ لیٹ فائلر کمپنی کا جرمانہ 20 ہزار روپے کی بجائے ایک لاکھ روپے وصول کیا جائے گا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق تاجر برداری کے لیے بھی سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹریشن کیلئے آج 30 ستمبر آخری موقع ہے آسان ٹیکس اسکیم کے تحت ریٹرن جمع کرانے کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد بھاری جرمانے عائد ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آسان ٹیکس اسکیم کے بعد گوشوارہ جمع کرانے پر پہلے مہینے میں دس ہزار جرمانہ عائد ہوگا، اسی طرح مقررہ تاریخ کے بعد دوسرے مہینے میں 25 ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا جبکہ تیسرے مہینے میں 50 ہزار جرمانہ عائد ہوگا۔

بقیہ اُستمان 24

میں پرائیویٹ اور سرکاری اسکول کے بچے سوار تھے، اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر تمام بچوں کو نکال لیا، زخمی بچوں کو فوری طبی امداد کے بعد سول اسپتال مری منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ ریسکیو فائر فائٹنگ ٹیم نے گاڑی میں لگی آگ پر قابو پالیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے مطابق حادثے میں بچے مجلس کر زخمی ہوئے ہیں، چار بچوں کو ہولی فیملی اسپتال راولپنڈی منتقل کردیا گیا

بقیہ اُستمان 25

کے عمل کا حصہ تھیں، انہوں نے خود میڈیا پر آ کر کہا کہ بانی پی ٹی آئی تندرست اور صحتمند ہیں، اگر اب بھی کوئی قانونی کی بیٹھی ہے تو وہ معاملہ عدالتوں نے دیکھنا ہے، اسلام آباد پر چڑھائی اور جلسے جلوسوں سے یہ مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اعظم نذیر تارڑ نے عام شہریوں سے سوال کیا کہ شہری خود بتائیں کہ تحریک انصاف نے جس طرح بار بار دارالحکومت اور پنجاب پر چڑھائی کی، کیا وہ طریقہ درست تھا؟ اگر تحریک انصاف کا یہ رویہ ٹھیک ہے تو پھر حکومت کو بھی پرے بیٹھ جانا چاہیے، ملک میں ایک آئینی، قانونی اور عدالتی میکنزم موجود ہے

بقیہ اُستمان 26

سماعت کے دوران عدالت کو بتایا گیا کہ ایمان مزاری اور ہادی علی کے وکالت ناموں پر دستخط ہوگئے ہیں۔ جج طاہر عباس سپرا نے سپرنٹنڈنٹ کو وکالت ناموں کے حوالے سے رولز بنانے کی ہدایت کی۔ جج طاہر عباس سپرا نے ریمارکس دیئے کہ وکلا کے ساتھ یہ ہورہا ہے تو عام سائل کے وکالت ناموں کا کیا ہوتا ہوگا۔ ایڈووکیٹ زینب نے کہا کہ ہائیکورٹ نے اس حوالے سے باقاعدہ ایس او پیز بنائے ہیں۔

بقیہ اُستمان 27

قبل ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ قطری ثالث کے ذریعے ہونے والی بات چیت میں ایران کا موقف امریکا تک پہنچایا گیا، توقع ہے کہ وائٹ ہاؤس کا جواب ثالثوں کے ذریعے ایران تک پہنچ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مشن امریکی فریق کو ان شرائط سے آگاہ کرنا اور دیگر تمام ممالک اور عالمی برادری کو یہ بتانا تھا کہ ایران کے پاس اس معاملے میں ایک منصوبہ موجود ہے، اس کی شرائط مکمل طور پر منصفانہ اور منطقی ہیں اور اگر امریکی یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ کسی معاہدے یا پرامن حل کے خواہاں ہیں تو ہم نے یہ حل پیش کردیا ہے۔

بقیہ اُستمان 28

تقریباً برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی صورت میں ایران آبنائے ہرمز پر کنٹرول حاصل کرکے ٹیکس عائد کرسکتا ہے اور یہ فیصلہ بھی کرسکتا ہے کہ کس ملک کو توانائی فراہم کی جائے گی اور کسے نہیں، یہ صورتِ حال ناقابلِ قبول ایک بڑا خطرہ بن جائے گی۔ مارکو روبیو نے ایران کے نظام حکومت پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایران میں فیصلے ایسے سخت گیر شیعہ مذہبی رہنما کرتے ہیں جن کا مستقبل کے بارے میں قیامت سے متعلق انتہا پسندانہ تصور ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایران پابندیوں میں نرمی یا معاشی سرگرمیوں سے حاصل ہونے والی رقم عوام کی زندگی بہتر بنانے کے بجائے ہتھیار بنانے اور اپنے انقلاب کو دوسرے ممالک تک پھیلانے پر خرچ کرتا ہے۔

بقیہ اُستمان 29

اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس میں 4 اکتوبر کو لانگ مارچ شروع کرنے یا ملتوی کرنے پر مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ نے لانگ مارچ کی تیاریوں میں دلچسپی نہ لینے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ ہماری صفوں میں میر جعفر اور میر صادق بھی ہیں۔ ہم اسلام آباد فتح کرنے نہیں جارہے ہیں کہ وفاقی حکومت ہمارا راستہ روک رہی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم دو ہاتھ اور دو پاں لے کر جائیں گے، غلیلیں اور لاٹھیاں لے کر جانے کے حوالے سے الزامات ہیں۔

بقیہ اُستمان 30

روکنے اور ان کی تاریخی و قانونی حیثیت برقرار رکھنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ اُستمان 31

مزید مستحکم کیا جارہا ہے، انہوں نے صحت، تعلیم اور کاروباری شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس موقع پر معروف بزنس مین چوہدری اجمل نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور صحت کے شعبے میں روابط کے فروغ دینے کے حوالے سے اپنی تجاویز پیش کیں۔

بقیہ اُستمان 32

جتنی مرضی پریس کانفرنسز کرلیں، عوام ان کو دیکھنا نہیں چاہتے، ہماری تیاری مکمل تھی، اسی لیے حکومت نے اتنی بڑی تعداد میں کنٹینرز اور پولیس فورس تعینات کی، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت پریشان تھی۔ رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ تحریک انصاف کے لیے تیاری کا لفظ کوئی خاص معنی نہیں رکھتا، ہمارے کارکن 24 گھنٹے میں ہی باہر نکل آتے ہیں، بیک چینل مذاکرات ان کے علم میں نہیں، تاہم سیاسی لوگوں کے درمیان رابطے ہمیشہ رہتے ہیں۔

بقیہ اُستمان 33

رجسٹریشن اور دیگر ضروری دستاویزات سے متعلق امور کے سلسلے میں پہنچتے ہیں، جن کی رہنمائی اور معاونت کے لیے نادرا عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گنداخہ ایک وسیع علاقے پر مشتمل ہے جہاں دور دراز دیہات اور مختلف علاقوں سے شہری نادرا سے متعلق کاموں کے لیے مرکز کا رخ کرتے ہیں۔

بقیہ اُستمان 34

اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل دے اس موقع پر سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ اُستمان 35

بھاگ کے چیئرمین ماما عبدالستار بنگلزئی قبائلی شخصیت رئیس اللہ دتہ بانبھی میر فتح محمد سومرو نیشنل پارٹی کے رہنما غنی بلوچ جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا محمد یوسف گویا مولانا عبدالسلام مندرانی وائس چیئرمین ایکشن کمیٹی حاجی محمد الیاس کلواڑ جاموٹ قومی موومنٹ کے رہنما کامریڈ فیاض احمد جاموٹ جماعت اسلامی کے ضلعی امیر قادر بخش گویا کونسلر عطا اللہ مستوئی پاکستان تحریک کے رہنما عبیداللہ مغیری جماعت اہلسنت کے رہنما حافظ اصغر علی مغیری قبائلی رہنماؤں وڈیرہ دلمراد ابڑو اور وڈیرہ غلام مرتضیٰ ابڑو ٹرانسپورٹ یونین کے صدر ماما رحیم بنگلزئی ڈاکٹر وزیر احمد مہر اقلیتی رہنما گیلا رام گیان چند منش سمیت دیگر سیاسی سماجی قبائلی رہنماؤں تاجروں اور شہریوں نے شرکت کی

بقیہ اُستمان 36

کمشنر نے سکول کے مختلف کلاس رومز اور دیگر شعبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور تدریسی عمل، طالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات اور سکول کو درپیش مسائل کے حوالے سے پرنسپل سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر سکول انتظامیہ کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کو مختلف مسائل اور ضروریات سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ اُستمان 37

کہ صحافت معاشرے کا اہم ستون ہے اور صحافیوں کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے مؤثر آواز اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع و پسماندہ صوبے میں صحافی محدود وسائل کے باوجود عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور حقائق عوام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بلوچستان میڈیا فورم کی جانب سے صوبے بھر کے میڈیا پرسنز کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا خوش آئند اقدام ہے، جس سے صحافیوں کے مسائل کو مؤثر انداز میں متعلقہ حکام تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ اُستمان 38

اسٹریٹجک رشتوں کے بنیاد پر ہر معاملے کا حل ڈائیلاگ سے نکالنے کی کوشش کرے حالات کو اس نہج تک لے جانے کہ ایک دوسرے پر بمباری کا سلسلہ جاری رہنا خارجہ پالیسیوں کی ناکامی کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے قابل مذمت اقدام قرار دیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ تشویشناک امر یہ ہے کہ بارڈر کے دونوں اطراف ایک ہی قوم بستی ہے جنگ کی صورت میں خمیازہ بھی اسی قوم نے بھگتنا ہے اس لئے دونوں ممالک ایک دوسرے کے جغرافیائی حدود میں مداخلت سے باز رہے اور پاکستانی پشتون قبائل پاکستان کو اپنا ملک اور افغانستان کو گھر سمجھتے ہیں

بقیہ اُستمان 39

کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن قومی اسمبلی و پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی، وزیرصحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی میر ظہور بلیدی، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، ارکان اسمبلی ڈاکٹر مالک بلوچ، ملک نعیم بازئی، سید ظفر علی آغا، میر عبید گورگیج، صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری، مشیر ماحولیات نسیم الرحمان ملاخیل، مشیر کھیل مینا مجید بلوچ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر اور دیگر حکام و سیاسی رہنما موجود تھے۔

بقیہ اُستمان 40

یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ اُستمان 41

میں 3 طالبان ارکان ہلاک جبکہ 2 زخمی ہوئے۔ حملے میں تنظیم کے کسی جنگجو کو نقصان نہیں پہنچا، کارروائی کے بعد جنگجو محفوظ مقام پر منتقل ہوگئے۔

بقیہ اُستمان 42

کارروائی میں گرمکان روڈ، ضلع پنجگور کے قریب ایک گاڑی سے 48 کلوگرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق دالبندین، ضلع چاغی کے قریب جھاڑیوں میں چھپائی گئی 40 کلوگرام افیون بھی برآمد کی گئی۔ اے این ایف کے مطابق تمام کارروائیوں کے مقدمات انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت درج کرلیے گئے ہیں جبکہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ اُستمان 43

اسٹاف، ہسپتال کے دیگر ملازمین اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ واک کے شرکا نے ہاتھوں میں آگاہی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر دل کے امراض سے بچاؤ، صحت مند عادات اپنانے اور بیماری کی بروقت تشخیص سے متعلق پیغامات درج تھے۔ شرکا نے ہسپتال سے واک کا آغاز کیا اور مختلف راستوں سے گزرتے ہوئے شہریوں کو دل کی صحت کے حوالے سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا پیغام دیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ دل کے امراض دنیا بھر میں صحت کے اہم مسائل میں شامل ہیں، تاہم روزمرہ زندگی میں صحت مند عادات اپنا کران کے خطرات کو کم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متوازن اور سادہ غذا کا استعمال، باقاعدہ ورزش، جسمانی سرگرمیوں کو معمول کا حصہ بنانا، وزن کو متوازن رکھنا، تمباکو نوشی سے مکمل اجتناب اور بلڈ پریشر و شوگر کی باقاعدگی سے جانچ دل کی صحت کے لیے نہایت اہم ہے۔

بقیہ اُستمان 44

انہوں نے کوئٹہ میں پولیس کے زیر اہتمام بیڈمنٹن اوپن ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی، بیڈمنٹن فائنل میچ میں پولیس نیو پڈا کو شکست دے کر چیمپئن شپ اپنے نام کرلی، ٹورنامنٹ میں مردوں اور خواتین کے مختلف مقابلوں میں کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کی، اس موقع پر ڈی ایچ اے کوئٹہ کے تعاون سے منعقدہ ایونٹ میں کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان نے کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پولیس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ نے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین موقع فراہم کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 45

اس میں رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، چلین بلوچ، اراکین بلوچستان اسمبلی شاہدہ رف اور سلمیٰ کاکڑ، سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ سمیت عالمی ادارہ خوراک کی پاکستان میں نمائندہ و کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش، WFP بلوچستان کے صوبائی آفس کی سربراہ ڈاکٹر فاریہ احسن اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے محترمہ انیتا ہرش کو کوئٹہ کے پہلے سرکاری دورے پر خوش آمدید کہتے ہوئے بلوچستان اسمبلی اور خواتین پارلیمانی کاکس کی جانب سے WFP کے وفد کا پرتپاک خیرمقدم کیا۔ اجلاس میں صوبے میں غذائی عدم تحفظ، زچہ و بچہ کی صحت اور بچوں میں غذائی قلت جیسے سنگین مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا

بقیہ اُستمان 46

جانب سے اسے ضروری طبی امداد دی گئی اور ابتدائی علاج کے بعد فارغ کر دیا گیا۔ دوسری جانب آزاد ذرائع کا کہنا ہے کہ تکیہ خان چیک پوسٹ کی عمارت منہدم ہونے سے پولیس اہلکار اسلم نندوانی زخمی ہوئے، جنہیں ان کے ورثا خود اسپتال لے کر گئے۔ پولیس کے مطابق واقعے کے حوالے سے حسب روایات مزید تفتیش اور تحقیقات کا عمل جاری ہے۔

بقیہ اُستمان 47

بتایا کہ عمران خان کی تینوں بہنوں کو جیل میں بنیادی حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے، جس کے خلاف انہوں نے بطور احتجاج بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تینوں بہنوں سے اظہار یکجہتی کے لیے پنجاب کی چیف آرگنائزر عالیہ حمزہ، صنم جاوید، فلک جاوید اور دیگر خواتین نے بھی بھوک ہڑتال کر رکھی ہے۔ فلک جاوید کے مطابق دیگر خواتین قیدی بھی بھوک ہڑتال میں شامل ہونا چاہتی تھیں تاہم علیمہ خان نے انہیں منع کر دیا۔ معین قریشی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بار بار کہہ چکی ہیں کہ خواتین ان کی ریڈ لائن ہیں، تو پھر یہ کیسی ریڈ لائن ہے کہ عمران خان کے خاندان کی خواتین پابند سلاسل ہیں۔

بقیہ اُستمان 48

سامنے آیا ہے۔ تاہم کینیڈا سے مزید جوابی کارروائی کی توقع نہیں ہے کیونکہ کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنی نے اس ماہ کے شروع میں کہا تھا کہ درآمدی پابندیوں سے کینیڈا کی معیشت پر جو اثر پڑے گا وہ "معمولی" ہے۔ دوسری جانب امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریر نے حال ہی میں سی این بی سی کو بتایا کہ تجارتی بات چیت منجمد ہے تاہم صدر ڈونلڈ ٹرمپ کینیڈا کے ساتھ اپنے موجودہ تعلقات سے مطمئن ہیں۔ گریر نے گزشتہ ہفتے امریکی نیٹ ورک کے ساتھ ایک انٹرویو میں کینیڈا کے ساتھ تعلقات کے بارے میں کہا کہ وہ ہمیں وقتاً فوقتاً کال کرتے ہیں اور ہم ممکنہ سودوں کے بارے میں اچھی بات چیت کرتے ہیں۔

بقیہ اُستمان 49

متعلقہ افسران کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگوانا ان کی صحت اور محفوظ مستقبل کے لیے انتہائی ضروری ہے، اس لیے محکمہ صحت کے افسران اور ویکسینیشن ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ضلع کے دور دراز علاقوں سمیت تمام یونین کونسلز میں حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولت کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور ایسے بچوں کی نشاندہی کی جائے جو کسی بھی وجہ سے ویکسینیشن سے محروم رہ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین میں حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ کوئی بھی بچہ ضروری ویکسین سے محروم نہ رہے۔ اجلاس میں حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کو مزید مؤثر بنانے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مختلف اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ اُستمان 50

نے ایک بار پھر نئی ڈیڈ لائن مقرر کی ہے مگر اس مرتبہ ایرانی معیشت کیلئے۔ ایران اپنے عوام پر بھروسہ کرتے ہوئے تعمیر، استقامت اور اپنے حقوق کے دفاع کا عمل جاری رکھے گا۔ نئی ڈیڈ لائن کا اعلان کرنے سے پہلے اپنی پیش گوئیوں کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ دیکھ لیں۔ ایرانی حکومت کی ترجمان کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تازہ دعوے کے ردعمل میں سامنے آیا ہے، جنھوں نے ایک بار پھر ایران کو تباہ کرنے اور ایران کے ساتھ جنگ کے جلد خاتمے کی بات کی ہے۔

بقیہ اُستمان 51

4 سے 5 ہفتے جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ اب جنگ کو آٹھواں ماہ شروع ہو چکا ہے اور اس کی قیمت امریکی عوام اور امریکی فوجی ادا کر رہے ہیں۔ شومر نے کہا کہ گزشتہ ہفتے سینیٹ کے ری پبلکن ارکان کے پاس تنازع ختم کرنے کے لیے ووٹنگ کا موقع تھا، تاہم انہوں نے جنگ جاری رکھنے کے حق میں ووٹ دیا۔ انہوں نے ری پبلکن ارکان کو اس معاملے میں شریک جرم قرار دے دیا۔

بقیہ اُستمان 52

آفیسران نادر علی پہنور اور اصغر علی چنہ بھی اس موقع پر موجود تھے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے روپا شاخ تا گوٹھ بیرک رند، روپا شاخ تا گوٹھ اللہ ڈتہ اور عبدالمالک رند تا گوٹھ غلام محمد مگسی سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا موقع پر معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال دریافت کرتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار اور رفتار کا بھی جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں مقررہ تعمیراتی معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اور کام کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جاری منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائی جائے تاکہ تعمیراتی کام میں تاخیر نہ ہو اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے وریندر لعل نے مزید کہا کہ عوامی مفاد سے وابستہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دیں۔

بقیہ اُستمان 53

موسمیات کی رپورٹ کے مطابق صوبے کے گرم علاقوں میں سبی کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ اور تربت کا درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ نوکنڈی میں درجہ حرارت 36 ڈگری سینٹی گریڈ اور پاک افغان سرحد سے متصل شہر چمن میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ دریں اثنا، بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں بھی موسم کی صورتحال اعتدال پسند رہی، جہاں گوادر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31 ڈگری سینٹی گریڈ اور جیوانی میں 32 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آئندہ چندروز کے دوران بھی صوبے کے بیشتر حصوں میں موسم کی یہی کیفیت برقرار رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ اُستمان 54

علاقوں اور گلیوں میں سیوریج لائنوں، نالیوں اور نکاسی آب کے موجودہ نظام کا جائزہ لیا جا رہا ہے، جبکہ شہریوں کو درپیش مسائل اور ضروری تعمیر و مرمت کے کاموں کی نشاندہی بھی کی جا رہی ہے، تاکہ دستیاب بلدیاتی وسائل کو ترجیحات کے مطابق استعمال کرتے ہوئے سیوریج کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جاسکے، اس موقع پر میر زین اللہ خان جمالی، میر ذیشان خان جمالی اور سوشل ورکر نور محمد جمالی بھی موجود تھے چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے سینئر صحافی فرید احمد قمبرانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گنداخہ شہر میں سیوریج نظام کی بحالی اور نکاسی آب کے نظام میں بہتری ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شہریوں کو نکاسی آب کے مسائل سے نجات دلانے اور انہیں بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ اُستمان 55

صوبہ قنیطرہ میں ایک سڑک پر چیک پوسٹ قائم کی۔ شام کے سرکاری میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوجی گاڑیوں نے جنوبی شام کے علاقوں میں داخل ہوکر رہائشی گھروں کی تلاشی لی۔ قنیطرہ میں عین التوریہ اور خان ارنابہ کے درمیان سڑک پر چوکی قائم کیے جانے کی اطلاع ہے۔ اس سے ایک روز قبل بھی اسرائیلی فورسز نے قنیطرہ اور درعا کے دیہی علاقوں میں متعدد فوجی گاڑیوں کے ساتھ کارروائیاں کی تھیں۔ اقوام متحدہ کی شام سے متعلق تحقیقاتی کمیٹی نے رواں ماہ کہا تھا کہ جنوبی شام میں اسرائیلی زمینی دراندازیاں، چھاپے، تلاشی اور عارضی چوکیوں کا قیام مسلسل جاری ہے۔ اسرائیل کا موقف ہے کہ اس کی موجودگی سرحدی سلامتی کے لیے ضروری ہے، جبکہ شام اور اقوام متحدہ نے اسے شام کی خودمختاری اور 1974 کے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔

بقیہ اُستمان 56

کہ نئی قیادت بلوچستان کی تاجر وصنعتکار برادری کے مسائل کے حل اور صوبے کی معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ جنرل اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر احمد گل کاکڑ، سینئر نائب صدر میرزا خان خلجی، کابینہ کے دیگر عہدیداران اور پیٹرن ان چیف غلام فاروق خلجی سمیت تاجر وصنعتکار برادری کے نمائندگان نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں اور صنعتکاروں کی سرگرمیوں سے ملک بھر میں تجارتی اور معاشی منڈیاں رواں دواں ہیں۔ تاجر برادری محنت اور حلال کمائی کے ذریعے نہ صرف اپنے خاندانوں کا معاشی مستقبل سنوار رہی ہے بلکہ قومی معیشت کو بھی مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ اُستمان 57

جس سے روزانہ سفر کرنے والے طلبہ، ملازمین، مزدوروں اور دیگر شہریوں کو سفری مشکلات میں کمی اور کم خرچ آمدورفت کی سہولت حاصل ہوگی۔ اس منصوبے کی منظوری اور عملی شروعات میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بھی کلیدی کردار ادا کیا۔ پرنس آغا عمر احمدزئی نے سریاب کے عوام کے لیے شٹل ٹرین سروس کے اجرا کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر اور سستی سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ علاقہ مکینوں نے شٹل ٹرین سروس کے آغاز پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ حکام کا شکریہ ادا کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ سروس کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھتے ہوئے اس میں مزید بہتری اور توسیع بھی کی جائے گی۔

بقیہ اُستمان 58

کرتے ہوئے ضلع سے باہر کے افراد کو آرڈرز جاری کردیے ہیں عوامی و سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلع کچھی میں ہونے والی ان غیر منصفانہ بھرتیوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے اور میرٹ کی شفاف طریقے سے بالادستی قائم کرتے ہوئے کچھی کے لوکل اور حقدار نوجوانوں کو ان کا جائز حق دیا جائے کچھی بولان کے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے حالیہ بھرتیوں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ اُستمان 59

کیے جا رہے ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے کاموں میں مصروف ہے۔ میونسپل کمیٹی حکام کے مطابق شہر کی گلیوں، سڑکوں اور مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ شہری مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی بہتری پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ شہریوں نے شہر کی صفائی اور ترقیاتی کاموں کے لیے جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ سلسلہ مستقبل میں بھی اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔ چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کا کہنا ہے کہ گنداخہ شہر کی خوبصورتی، صفائی، ترقی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی میونسپل کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے، اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ اُستمان 60

علاقے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے، شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی یا مسئلے کی بروقت اطلاع پولیس کو دیں، جبکہ امن وامان کے حوالے سے عوام کی مفید تجاویز کا ہر وقت خیرمقدم کیا جائے گا۔ ایس ایچ او اعجاز احمد نے وفد کو یقین دلایا کہ علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے

بقیہ اُستمان 61

داریاں احسن انداز میں نبھا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گنداخہ ایک وسیع علاقے پر مشتمل ہے جہاں دور دراز دیہات اور مختلف علاقوں سے شہری نادرا سے متعلق کاموں کے لیے مرکز کا رخ کرتے ہیں۔ ایسے میں نادرا انچارج اختر علی جمالی کی جانب سے سائلین کی رہنمائی، ان کے مسائل سننے اور دستیاب سہولیات کے ذریعے کام مکمل کرنے میں تعاون قابلِ تحسین ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ خصوصاً خواتین، بزرگ شہریوں اور دور دراز علاقوں سے آنے والے افراد کو نادرا کے طریقہ کار اور ضروری دستاویزات کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنا اہم خدمت ہے، جبکہ نادرا انچارج اور ان کی ٹیم سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے انہیں ممکنہ سہولت فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ شہریوں نے کہا کہ نادرا جیسے اہم ادارے میں عملے کا عوام کے ساتھ اچھا رویہ اور بروقت رہنمائی شہریوں کی مشکلات کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

بقیہ اُستمان 62

بڑھتے ہوئے بوجھ کو کم کرنے کے لیے احتیاط، بیماریوں سے بچاؤ اور صحت کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ لائف اسٹائل میڈیسن کو پائیدار بنانا اور اس حوالے سے شعور ہر فرد تک پہنچانا ضروری ہے۔ لائف اسٹائل میڈیسن کے مضمون کو فروغ دینے کے لیے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل میں اقدامات کیے گئے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ پی ایم ڈی سی میں لائف اسٹائل میڈیسن کے کورس کی شمولیت اور اس حوالے سے کمیٹی کی تشکیل کا کام مکمل ہوچکا ہے۔

بقیہ اُستمان 63

عطا تارڑ کی جانب سے حکومتِ بلوچستان اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کاوشوں کو سراہنا قابل تحسین ہے، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف بلوچستان حکومت کی حکمتِ عملی اور مسلسل محنت کے اعتراف پر وفاقی حکومت کے شکر گزار ہیں، صوبائی حکومت مشکل چیلنجز کے باوجود وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بھرپور انداز میں کام کر رہی ہے، بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف بلوچستان حکومت عملی اقدامات کے ساتھ مؤثر بیانیہ سازی پر بھی بھرپور توجہ دے رہی ہے۔

بقیہ اُستمان 64

تقریب منعقد ہوئی، جس میں مختلف ایج گروپ کے کھلاڑیوں نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔ گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے نائب صدر، بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف کوریا)، یوسے کوچ اینڈ صدر نیشنل تائیکوانڈو کلب خاور محمود، ماسٹر سراج دین، عارف بھٹی اور عبدالمنان نے مختلف بیلٹس کیلئے 40 کھلاڑیوں کی جسمانی فٹنس، تائیکوانڈو کی بنیادی تکنیکوں، کِکس، پنچز، دفاعی حرکات اور فائٹنگ صلاحیتوں کا عملی جائزہ لیا۔ پیرا اتھلیٹس سمیت دیگر نوجوان کھلاڑیوں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی محنت اور مہارت کا بھرپور ثبوت دیا۔

بقیہ اُستمان 65

سے محروم ہے، جبکہ اس کے چار بچے معذوری کا شکار ہیں اور ان کی کفالت سمیت پورے خاندان کی ذمہ داری اس کے کندھوں پر ہے۔ عبدالغفار نے بتایا کہ وہ ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتا ہے اور محدود مالی وسائل کے باعث اپنے گھر کے اخراجات پورے کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ تعلیم حاصل کرنے اور ڈپلومہ رکھنے کے باوجود اسے تاحال مستقل روزگار کا موقع نہیں مل سکا، جس کے باعث وہ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ اس نے بتایا کہ گھر میں مستقل آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہونے کے باعث وہ اپنے اہلخانہ کا پیٹ پالنے کے لیے پرانی چھوٹے فروخت کرکے گزر بسر کرتا ہے۔

بقیہ اُستمان 66

جانب سے تعلیمی خدمات، ملنساری، انتھک محنت، زیادہ سے زیادہ بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے، داخلہ مہم کامیابی سے چلانے اور بند سکولوں کو دوبارہ فعال بنانے پر ایوارڈ ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں حاجی صالح محمد کاکڑ نے کہا کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزیر محترمہ راحیلہ حمید خان درانی اور محکمہ تعلیم بلوچستان کی جانب سے حیدر خان ناصر کی تعلیمی خدمات کا اعتراف خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدر خان ناصر نے زرغون ٹاؤن میں تعلیمی اداروں کی بہتری، بچوں کو سکولوں میں داخل کرانے اور بند سکولوں کو فعال بنانے کیلئے قابل قدر اقدامات کیے ہیں

بقیہ اُستمان 67

گاڑیوں اور دیگر ٹریفک کی مسلسل آمدورفت کے باعث سڑک کی صورتحال روز بروز مزید خراب ہوتی جارہی ہے۔ شہریوں نے محکمہ بی اینڈ آر کی کارکردگی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ محکمے کی مبینہ غفلت، لاپروائی اور عدم توجہی کے باعث عوام کو شدید سفری مشکلات کا سامنا ہے شہریوں کے مطابق بسیمہ شہر سے درگ والی تک سڑک پر تیل بردار گاڑیوں سمیت بھاری ٹریفک کا شدید دباؤ ہے، جس کے باعث سڑک کے دونوں اطراف اور متعدد مقامات پر بڑے بڑے گڑھے پڑ چکے ہیں۔ بعض مقامات پر سڑک کی حالت اس قدر خراب ہوچکی ہے کہ گاڑیوں کو گڑھوں سے بچاتے ہوئے ڈرائیوروں کو شدید مشکلات پیش آتی ہیں، جبکہ مخالف سمت سے آنے والی گاڑیوں کے باعث حادثات کا خطرہ مزید بڑھ جاتا ہے

بقیہ اُستمان 68

اپنے ایک بیان میں ایف آئی آر میں اپنے نام کے اندراج اور ان سے متعلق عائد کیے گئے الزامات پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ان الزامات سے لاتعلق ہیں اور انہیں تسلیم نہیں کرتیں اپنے بیان میں میڈم شبنم عمرانی نے مؤقف اختیار کیا کہ ایف آئی آر میں واقعے سے متعلق بیان کیے گئے بعض امور ان کے مطابق درست نہیں ہیں، جبکہ جائے وقوعہ کی صورتحال کے حوالے سے بھی مختلف باتیں سامنے آرہی ہیں۔

بقیہ اُستمان 69

عوام کو حقیقی سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے کوئٹہ ڈویژن سے بولان میل اور جیکب آباد براستہ ڈیرہ غازی خان ٹرین کو فوری طور پر بحال کریں۔ سید محمد بگٹی نے کہا کہ بولان میل بلوچستان اور سندھ کے غریب عوام کی زندگی کی رگ کی حیثیت رکھتی تھی، اور اس ٹرین کی طویل بندش کے باعث کوئٹہ، سبی، مچھ، جیکب آباد، لاڑکانہ اور دادو سمیت دیگر علاقوں سے کراچی جانے والے ہزاروں مسافر، مریض، مزدور اور طلبا شدید ترین مشکلات کا شکار ہیں۔

بقیہ اُستمان 70

مرد و خواتین اپنے شناختی کارڈ، ب فارم، فیملی رجسٹریشن اور دیگر ضروری دستاویزات سے متعلق امور کے سلسلے میں پہنچتے ہیں، جن کی رہنمائی اور معاونت کے لیے نادرا عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گنداخہ ایک وسیع علاقے پر مشتمل ہے جہاں دور دراز دیہات اور مختلف علاقوں سے شہری نادرا سے متعلق کاموں کے لیے مرکز کا رخ کرتے ہیں۔ ایسے میں نادرا انچارج اختر علی جمالی کی جانب سے سائلین کی رہنمائی، ان کے مسائل سننے اور دستیاب سہولیات کے ذریعے کام مکمل کرنے میں تعاون قابلِ تحسین ہے۔

بقیہ اُستمان 71

شریک شرکا، دانشوروں اور معزز مہمانوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے حوالے سے غیرمعمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ پاکستان اور چین کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 2026 میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہورہے ہیں۔

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلیوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جاپانی اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ سے ڈاکٹر میر وائس کی ملاقات

بزنس مین چوہدری اجمل نے صحت، تعلیم اور کاروباری روابط کے فروغ پر بات چیت کی

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے چیف ایگزیکٹو جامعہ شفا ہسپتال ڈاکٹر میر وائس اور معروف بزنس مین چوہدری اجمل نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صحت کے شعبے میں تعاون، کاروباری روابط کے فروغ اور پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات قائم ہیں، جنہیں مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

عمران خان کے علاوہ سہیل آفریدی کو ہٹانے کا کسی کو اختیار نہیں جنید اکبر

تحریک انصاف کے لیے تیاری کا لفظ کوئی خاص معنی نہیں رکھتا، ہمارے کارکن 24 گھنٹے میں ہی باہر نکل آتے ہیں

پس پردہ ہمیشہ رابطے ہوتے رہتے ہیں، چار رکنی مذاکراتی کمیٹی بھی بنائی ہے اور پارٹی مذاکرات پر یقین رکھتی ہے

پشاور (آن لائن) رہنما تحریک انصاف جنید اکبر نے کہا ہے کہ جب تک عمران خان نہیں کہیں گے، سہیل آفریدی وزیر اعلیٰ رہیں گے، تحریک انصاف کے لیے تیاری کا لفظ کوئی خاص معنی نہیں رکھتا، ہمارے کارکن 24 گھنٹے میں ہی باہر نکل آتے ہیں، علی امین گنڈاپور کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں رہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب سے زیادہ قربانیاں خیبرپختونخوا کے عوام اور ہم نے دی ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام ان کا بیانیہ پہلے بھی مسترد کر چکے ہیں اور آئندہ بھی مسترد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

گنداخہ، نادرا مرکز کے انچارج اختر علی جمالی اور ٹیم کی کارکردگی قابلِ تحسین ہے

گنداخہ (آن لائن) نادرا مرکز گنداخہ کے انچارج اختر علی جمالی اپنے ٹیم کے ہمراہ عوام کو بہتر، بروقت اور شفاف انداز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نادرا مرکز پر روزانہ مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں مرد و خواتین اپنے شناختی کارڈ، ب فارم، فیملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی چمن کے عیدگاہ گراؤنڈ میں جاری ترقیاتی کام کا افتتاح کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر وائس خان کاسی کے انتقال پر ان کے گھر گئے اور لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مرحوم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

بھاگ ناڑی میں بڑھتی ہوئی بدامنی کیخلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال و احتجاجی مظاہرہ

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کی انتظامیہ کو چار روزہ مہلت، مطالبات نہ ماننے پر سخت لائحہ عمل کا اعلان

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیر اہتمام بھاگ شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی چوری ڈکیتی رہزنی اور لوٹ مار کے خلاف شہر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاج میں بھاگ شہر کی سیاسی سماجی و قبائلی شخصیات تاجر برادری ٹرانسپورٹرز اور مختلف عوامی حلقوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہر میں امن و امان کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا احتجاجی مظاہرے میں آل پارٹیز ایکشن کمیٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کا گورنمنٹ گرلز ہائی سکول عبداللہ خان کنرانی کا دورہ

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول عبداللہ خان کنرانی کا دورہ کیا، دورے کے موقع پر ایف سی کے کرنل رضوان طیب، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عائشہ بگٹی سمیت دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

بلوچستان میڈیا فورم میڈیا پرسنز کی توانا آواز بن چکا ہے' سید امان شاہ

مرکزی صدر قیوم بلوچ، اللہ داد رند اور پوری ٹیم کو مبارکباد، صحافیوں کے حقوق کیلئے جدوجہد قابلِ تحسین ہے

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبہ بھر کے میڈیا پرسنز کی توانا اور مؤثر آواز بن چکا ہے، فورم کی جانب سے صحافیوں کے حقوق، آزادی؟ صحافت اور میڈیا سے وابستہ افراد کے مسائل کے حل کیلئے کی جانے والی جدوجہد قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ، سیکرٹری جنرل اللہ داد رند اور پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

جارحانہ پالیسی برادر ممالک کو پراکسی وار کا جنگ میدان بنا دے گا، احمد خان

تزویراتی اور اسٹریٹجک رشتوں کے بنیاد پر ہر معاملے کا حل ڈائیلاگ سے نکالنے کی کوشش کرے

کوئٹہ (جی این ایم) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ قائد تحریک صدر احمد خان نے پاکستان اور افغانستان کا ایک دوسرے کی خودمختاری و سالمیت کی خلاف ورزی سے کشیدگی پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک افغان تنازعے کا واحد حل دونوں ممالک کا ایک دوسرے کی خودمختاری کی خلاف ورزی سے باز رہنا ہے اور دونوں ہی ممالک عرصہ دراز سے دہشت گردی کی لپیٹ میں ہیں دونوں ممالک تزویراتی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

نادرا مرکز گنداخہ کے انچارج اختر علی جمالی اور ان کی ٹیم کی عوام دوست خدمات قابلِ تحسین

دور دراز علاقوں سے آنے والے مرد و خواتین کو شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات کی فراہمی میں بہترین تعاون

گنداخہ (آن لائن) نادرا مرکز گنداخہ کے انچارج اختر علی جمالی اپنے ٹیم کے ہمراہ عوام کو بہتر، بروقت اور شفاف انداز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نادرا مرکز پر روزانہ مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 70)

کوئٹہ، بولان میل اور لاہور کے لیے براستہ ڈی جی خان ٹرین فوری بحال کی جائے، سید محمد

ریلوے کی بندش سے غریب عوام مہنگے بس مافیا کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور ہیں، چیف آرگنائزر

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کوئٹہ ڈویژن کے چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی نے ایک اہم پریس بیان میں مطالبہ کیا ہے کہ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی بلوچستان کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

بسیمہ سے درگ دالی روڈ تباہ حالی کا شکار، بی اینڈ آر کی غفلت پر شہریوں کا شدید احتجاج

بھاری ٹریفک اور بڑے بڑے گڑھوں کے باعث متعدد حادثات، کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں شہری

بسیمہ (آن لائن) بسیمہ شہر سے درگ دالی تک جانے والی اہم شاہراہ گزشتہ کافی عرصے سے شدید خستہ حالی کا شکار ہے، سڑک جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے ساتھ بڑے بڑے گڑھوں میں تبدیل ہو چکی ہے، جبکہ تیل بردار بھاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

تعلیمی خدمات پر ایوارڈ حیدر خان ناصر کی محنت کا اعتراف ہے' صالح محمد کاکڑ

بند سکولوں کو فعال، داخلہ مہم کامیاب بنانے پر حیدر خان ناصر کی خدمات قابل تحسین ہیں، چیئرمین اصلاحی کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین اصلاحی کمیٹی کلی ملک عمر خان حاجی صالح محمد کاکڑ نے ڈپٹی ڈی ای او زرغون ٹاؤن حیدر خان ناصر کو محکمہ تعلیم بلوچستان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے لال ایاز خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

صحت انتظامی نہیں، قومی سلامتی اور معیشت کا بھی مسئلہ ہے، مصطفیٰ کمال

بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو کم کرنے کیلئے احتیاط، بیماریوں سے بچاؤ اور صحت کے فروغ پر خصوصی توجہ دینا ہوگی

پاکستان کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث مستقبل میں صحت کی سہولیات کی ضروریات مزید بڑھیں گی، گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ صحت پاکستان کا صرف انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی اور قومی معیشت کا بھی اہم مسئلہ ہے، پاکستان میں بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ کے باعث ہیلتھ کیئر سسٹم پر دباؤ میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے بیماریوں کے علاج کے ساتھ ساتھ ان کی بنیادی وجوہات پر توجہ دینا ہوگی۔ انٹرنیشنل کانفرنس آف لائف اسٹائل میڈیسن سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ صرف مزید اسپتال اور ڈاکٹرز بنانا بڑھتی ہوئی بیماریوں کے مسئلے کا مستقل حل نہیں۔ بیماریوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

پاک چین دوستی باہمی احترام، اعتماد کے عزم پر استوار ہے، یوسف رضا گیلانی

کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں، چیئرمین سینیٹ

تعلیم، ثقافتی تبادلے اور عوامی روابط پاک چین عوام کو ایک دوسرے کے مزید قریب لانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

قوفو (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی اعتماد، باہمی احترام، باہمی تعاون اور امن و ترقی کے مشترکہ عزم پر استوار ہے، کنفیوشس کی تعلیمات آج بھی علم و تعلم، دوستی، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے یہ بات چائنا انٹرنیشنل کنفیوشس کلچر فیسٹیول کے موقع پر اپنے ویڈیو پیغام میں کہی۔ یہ فیسٹیول چین کے تاریخی شہر قوفو میں منعقد ہوا، جو عظیم مفکر اور فلسفی کنفیوشس کا آبائی شہر ہے۔ اپنے پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے فیسٹیول میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 71)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے موقع پر پہلا آزمائشی سفر کر رہے ہیں

چھتر، نوریز عمرانی قتل کیس میں نام شامل کیے جانے پر شبنم عمرانی کا موقف سامنے آ گیا

چھتر (آن لائن) نوریز عمرانی قتل کیس، ایف آئی آر میں نام شامل کیے جانے پر میڈم شبنم عمرانی کا مقف سامنے آ گیا الزامات سے لاتعلقی کا اظہار، معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق نوریز عمرانی قتل کیس کے حوالے سے میڈم شبنم عمرانی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)

چار معذور بچوں کے پڑھے لکھے غریب باپ کی وزیر اعلیٰ بلوچستان سے سرکاری ملازمت کی اپیل

گنداخہ (نور حسن جمالی) اوستہ محمد کی تحصیل گنداخہ کے گوٹھ غلام محمد جمالی کے رہائشی ایف اے پاس اور ڈپلومہ ہولڈر غریب عبدالغفار نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے سرکاری ملازمت فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔ عبدالغفار کا کہنا ہے کہ وہ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود مستقل روزگار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ میں پیرا اتھلیٹس کی شاندار کارکردگی

کوئٹہ (آن لائن) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن کے زیر اہتمام بچوں اور نوجوان پلیئرز کی حوصلہ افزائی، ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کے فروغ اور نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کیلئے گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو بیلٹ پروموشن ٹیسٹ کی شاندار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

حکومت مشکل چیلنجز کے باوجود بھرپور انداز میں کام کر رہی ہے' بخت کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کی بیان کا خیر مقدم اور وفاقی وزیر اطلاعات کی بیان سے ثابت ہو گیا ہے کہ صوبے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں کامیابی کے طرف گامزن ہے وفاقی حکومت اور وفاقی وزیر اطلاعات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا' اعجاز احمد

امن کیلئے عوام کا تعاون ناگزیر ہے، شہری اپنی تجاویز اور مسائل سے آگاہ کریں، ایس ایچ او تھانہ عبدالخالق شہید

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے علاقائی وفد کے ہمراہ تھانہ عبدالخالق شہید کے ایس ایچ او اعجاز احمد کی دعوت پر خصوصی ملاقات کی، جس میں علاقے میں امن و امان کی صورتحال، شہریوں کے مسائل اور پولیس کے اقدامات سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او اعجاز احمد نے کہا کہ امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کے خاتمے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

گنداخہ، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کی شہر کی ترقی کے لیے عملی کوششیں جاری

شہر میں صفائی ستھرائی کا نظام مؤثر، گلیوں اور سڑکوں پر روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے اقدامات

گنداخہ (آن لائن) میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کی جانب سے شہر کی بہتری، ترقی و خوشحالی اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کی نگرانی میں شہر کے مختلف وارڈوں میں ترقیاتی منصوبوں کو بہتر انداز میں عملی جامہ پہنانا کے لیے اقدامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

ضلع کچھی میں محکمہ زراعت کی بھرتیوں میں مقامی نوجوانوں کی حق تلفی، تقرر نامے منسوخ کرنے کا مطالبہ

میرٹ کو نظرانداز کر کے ضلع سے باہر کے افراد کو آرڈرز جاری کیے گئے، سیاسی و عوامی حلقوں کی وزیر اعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل

بولان (آن لائن) ضلع کچھی میں محکمہ زراعت کے اندر حالیہ ہونے والی بھرتیوں میں ضلع کے لوکل تعلیم یافتہ اور ہونہار نوجوانوں کو مکمل طور پر نظرانداز کر کے ان کی حق تلفی کی گئی ہے اس ناانصافی کے باعث علاقے کے بے روزگار نوجوانوں میں سخت بے چینی اور تشویش پائی جا رہی ہے کچھی ضلع کے نوجوانوں نے ہمیشہ ہر میدان میں اپنی قابلیت اور صلاحیتوں کی بنیاد پر نمایاں پوزیشنز حاصل کی ہیں لیکن محکمہ زراعت بلوچستان کے آفیسران نے مقامی تعلیم یافتہ نوجوانوں کی قابلیت کو پس پشت ڈال کر اور میرٹ کو نظرانداز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

پرنس آغا عمر احمدزئی کی کوششوں سے سریاب کے عوام کے لیے شٹل ٹرین سروس کا باقاعدہ افتتاح

سستی اور محفوظ سفری سہولت ملنے سے طلبا، ملازمین اور مزدوروں کی مشکلات میں کمی ہوگی، علاقہ مکینوں کا خیرمقدم

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکریٹری برائے بہبودِ آبادی پرنس آغا عمر احمدزئی کی مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں سریاب کے عوام کے لیے شٹل ٹرین سروس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ شٹل ٹرین سروس کے آغاز سے سریاب اور ملحقہ علاقوں کے شہریوں کو سستی، آرام دہ اور محفوظ سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ شٹل ٹرین سروس کے آغاز کو علاقے کے عوام کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

پاکستان کارڈیک سوسائٹی کے زیر اہتمام عالمی یوم قلب کے سیمینار سے ڈاکٹر عائشہ صدیقہ، ڈاکٹر جلال الدین، ڈاکٹر عابد امین، امان اللہ ناصر، ڈاکٹر فرحان، ڈاکٹر طاہر بزنجو، وحید لہڑی، ڈاکٹر عظمت، ڈاکٹر قیصر اقبال، ڈاکٹر محمد رسول اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

تمام صوبوں کو ریلوے وسائل تک مساوی رسائی اولین ترجیح ہے، حنیف عباسی

پیپلز ٹرین منصوبے کیلئے بوگیوں کی تعمیر و مرمت کا کام کیا گیا اور 120 دن میں منصوبے کی تکمیل ہوئی، وزیر ریلوے

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی دہشتگردی کیخلاف صف اول میں کھڑے ہیں، پاکستان کو دنیا کی کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی، جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے سٹیشن پر 32 کلومیٹر فاصلے پر جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

میر سرفراز بگٹی کا سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کے شعبہ امراض قلب کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منگل کو سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کے شعبہ امراض قلب کا دورہ کیا اور زیر علاج رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت کی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے میر رحمت صالح بلوچ کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد اور مکمل صحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

افغانستان، مخالف مزاحمتی فورسز کی مسلح کارروائیاں، 3 طالبان ارکان ہلاک، 2 زخمی

کابل (آن لائن) طالبان مخالف مسلح تنظیم افغانستان فریڈم فرنٹ نے صوبہ بدخشاں کے دارالحکومت فیض آباد میں مسلح حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان فریڈم فرنٹ کے مطابق تنظیم کے جنگجوں نے صبح 9:45 بجے طالبان اہلکاروں کی گاڑی کو محکمہ معدنیات کے قریب نشانہ بنایا۔ مسلح حملے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

بلوچستان میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 148 کلو منشیات برآمد

سرنان، پنجگور اور دالبندین میں کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار، مقدمات درج کرکے تحقیقات شروع کردی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے بلوچستان میں منشیات کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 148 کلوگرام منشیات برآمد کرکے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ اے این ایف ترجمان کے مطابق سرنان، ضلع پشین کے قریب ایک ٹرک میں سیب کی پیٹیوں میں چھپائی گئی 60 کلوگرام چرس اور 12 کلوگرام آئس برآمد کرکے ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ دوسری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ورلڈ ہارٹ ڈے کے موقع پر ٹیچنگ ہسپتال کے زیر اہتمام آگاہی واک

متوازن غذا، باقاعدہ ورزش اور تمباکو نوشی سے اجتناب دل کی صحت کے لیے ناگزیر ہے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز جمالی

لورالائی (آن لائن) ورلڈ ہارٹ ڈے کی مناسبت سے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں دل کے امراض سے بچا، بروقت تشخیص اور صحت مند طرز زندگی کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی علی نواز جمالی، ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر زین اللہ، ڈاکٹر نجم الدین۔ ڈاکٹر زاہد اللہ داد، سابق ناظم و کونسلر عزیز پٹھان، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، نرسنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

دالبندین کے رہائشی اللہ داد اور اہلیہ مدینہ بی بی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عمران خان کی بہنوں کی بھوک ہڑتال، بنیادی حقوق کی عدم فراہمی کا الزام

علیمہ خان، نورین خانم اور عظمیٰ خان کو اہلخانہ سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جا رہی

ہم صورتحال کو پرامن طریقے سے برداشت کر رہے ہیں تاہم پنجاب حکومت کا رویہ قابل قبول نہیں ہے' معین قریشی

لاہور (آن لائن) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی تینوں بہنوں نے جیل میں مبینہ طور پر بنیادی حقوق کی عدم فراہمی کے خلاف بھوک ہڑتال شروع کر دی۔ اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی معین قریشی نے کہا کہ علیمہ خان، نورین خانم اور عظمیٰ خان کو اہلخانہ سے ملاقات، کپڑوں اور ادویات کی فراہمی کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ انہوں نے ایکس پر جاری اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ ہم حماد اظہر کی انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں پیشی کے موقع پر موجود تھے جہاں فلک جاوید بھی کوٹ لکھپت جیل سے آئی تھیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کھیلوں، فٹنس کے مقابلوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہیں، آئی جی پولیس بلوچستان

کوئٹہ (جی این ایم) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کھیلوں، فٹنس کے مقابلوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، پولیس عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے علاوہ صحت مند سرگرمیوں کے لئے بھی پرعزم ہے۔ یہ بات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

کوئٹہ، خواتین پارلیمانی کاکس اور عالمی ادارہ خوراک کے مابین اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس

سکول میلز پروگرام سے کوئٹہ کے اسکولوں میں طالبات کے داخلوں میں 34 فیصد اضافہ ریکارڈ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی میں خواتین پارلیمانی کاکس (WPC) کے زیر اہتمام عالمی ادارہ خوراک (WFP) پاکستان کے ساتھ غذائی تحفظ، بچوں میں غذائی قلت کی روک تھام اور خواتین و بچوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اسٹریٹجک ڈائیلاگ اور مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی و چیئرپرسن خواتین پارلیمانی کاکس غزالہ گولہ نے کی، جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

صحبت پور، پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے اہلکار زخمی، اسپتال منتقل

آر ڈی 38 تکیہ خان اسلم نندوانی کے مقام پر حادثہ، ابتدائی طبی امداد کے بعد اہلکار کو فارغ کر دیا گیا

صحبت پور (آن لائن) صحبت پور میں شہید شیر حسن پولیس تھانے کی حدود میں آر ڈی 38 تکیہ خان اسلم نندوانی کے مقام پر قائم پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے ایک پولیس اہلکار شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کے وقت پولیس اہلکار محمد اسلم نندوانی مذکورہ چیک پوسٹ پر تعینات تھا۔ چھت کا ملبہ اور پلستر گرنے کے نتیجے میں وہ زخمی ہو گیا، جسے فوری طور پر مقامی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

نادرا انچارج گنداخہ اختر علی جمالی کی خدمات قابلِ تعریف

دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی جاری

گنداخہ (آن لائن) نادرا مرکز گنداخہ کے انچارج اختر علی جمالی اپنے ٹیم کے ہمراہ عوام کو بہتر، بروقت اور شفاف انداز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نادرا مرکز پر روزانہ مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں مرد و خواتین اپنے شناختی کارڈ، ب فارم، فیملی رجسٹریشن اور دیگر ضروری دستاویزات سے متعلق امور کے سلسلے میں پہنچتے ہیں، جن کی رہنمائی اور معاونت کے لیے نادرا عملہ اپنی ذمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

فیضان اولیاء روحانی کلینک

کوئٹہ، تحریک لبیک اسلام کے رہنما علامہ عبدالقدوس حبیبی ذوالفقار طارق سے ملاقات کر رہے ہیں

گنداخہ، شہر میں نکاسی آب کے مسائل کے حل اور سیوریج نظام کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کا آغاز

چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی ہدایت پر مختلف گلیوں میں سروے جاری، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

گنداخہ (آن لائن) میونسپل کمیٹی گنداخہ کی جانب سے شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے مسائل کے مستقل حل کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی خصوصی ہدایت پر بلدیاتی فنڈز سے شہر کی مختلف گلیوں میں سیوریج نظام کی بحالی اور نکاسی آب کی بہتری کیلئے سروے کا عمل جاری ہے، سروے کے دوران میونسپل کمیٹی کی ٹیم کی جانب سے مختلف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

بلوچستان کی قومی شاہراہوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے گورنر بلوچستان

بلوچستان میں قومی شاہراہوں پر سفری مشکلات کے سب سے منفی اثرات تاجر برادری پر مرتب ہو رہے ہیں، جعفر مندوخیل

شاہراہوں پر محفوظ اور بلا رکاوٹ سفر کو یقینی بنانے کیلئے سیاسی مذاکرات کیساتھ ساتھ ٹھوس اور عملی اقدامات اٹھائے جائینگے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ تاجر اور صنعتکار ملک کے معاشی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، بزنس کمیونٹی کی خدمت دراصل ملک و قوم کی خدمت ہے۔ تاجر برادری اپنے کاروبار کے ذریعے نہ صرف سرکاری خزانے میں ٹیکس کی صورت میں اہم حصہ ڈالتی ہے بلکہ ہزاروں افراد کیلئے روزگار کے مواقع بھی پیدا کرتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب صدر احمد گل کاکڑ، سینئر نائب صدر میرزا خان خلجی اور کابینہ کے تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان، مختلف شہروں کے درجہ حرارت جاری

محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں درجہ حرارت 28، سبی میں 39 اور تربت میں 40 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ موسمیات کے مطابق آنے والے دنوں میں بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم مجموعی طور پر گرم اور خشک رہے گا۔ صوبے کے مختلف شہروں میں ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت کے اعداد و شمار کے مطابق، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 ڈگری سینٹی گریڈ، قلات میں 25 ڈگری سینٹی گریڈ، زیارت میں 20 ڈگری سینٹی گریڈ اور ژوب میں 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کا روڈز کے ترقیاتی منصوبوں کا دورہ، کام کے معیار اور رفتار کا جائزہ

مقررہ مدت میں منصوبوں کی تکمیل اور اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، متعلقہ حکام کو سختی سے ہدایات

چھتر (آن لائن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے ضلع میں مواصلات و تعمیرات روڈز کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر کے تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر مواصلات و تعمیرات روڈز بوستان خان جانڈیو نے ڈپٹی کمشنر کو جاری منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی اور مختلف سڑکوں پر ہونے والے کام کی پیش رفت اور تعمیراتی معیار سے آگاہ کیا۔ سب ڈویژنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

پریس کانفرنس
پریس کلب

ژوب موضع اپوزئی کے رہائشی نور خان، مراد خان، جہانگیر شاہ، رحمت اللہ، عبدالصمد خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسرائیلی فورسز کا جنوبی شام میں گھروں پر دھاوا، چوکی قائم کرلی

دمشق (آن لائن) جنوبی شام میں اسرائیلی فورسز نے تازہ زمینی کارروائیوں کے دوران گھروں پر دھاوا بول دیا اور تلاشی اور عارضی چوکی قائم کرلی۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فورسز نے درعا کے مغربی علاقے میں واقع گاں معریہ میں متعدد گھروں پر چھاپے مارے، جبکہ پڑوسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

ایران کے ساتھ طویل جنگ کی قیمت امریکی عوام اور فوجی ادا کر رہے ہیں، چک شومر

واشنگٹن (آن لائن) امریکی سینیٹ میں اقلیتی رہنما چک شومر نے ایران کے خلاف جاری جنگ کی طوالت پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ چک شومر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا ہے کہ یاد کریں جب ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایران میں جنگ صرف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

نئی ڈیڈ لائن دینے سے پہلے اپنی پیش گوئیوں کی میعاد دیکھ لیں، فاطمہ مہاجرانی

تہران (آن لائن) ایرانی حکومت کی ترجمان فاطمہ مہاجرانی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے تازہ بیانات کے ردعمل میں کہا ہے کہ نئی ڈیڈ لائن مقرر کرنے سے پہلے امریکی حکام اپنی پیش گوئیوں کی میعاد دیکھیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں فاطمہ مہاجرانی نے کہا کہ امریکی حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کینیڈین مصنوعات پر امریکی پابندی نافذ العمل ہوگئی

اوٹاوا (آن لائن) کینیڈا کی متعدد درآمدات پر امریکی پابندی، جن میں الکوحل، ڈیری مصنوعات اور موٹر سائیکلیں شامل ہیں، نافذ العمل ہو گئیں۔ ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے یہ تازہ ترین اقدام اس ماہ کے شروع میں امریکی اشیا کی ایک رینج پر کینیڈا کے ٹیرف کے نفاذ کے جواب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگوانا ان کی صحت اور محفوظ مستقبل کیلئے انتہائی ضروری ہے، وریندر لعل

محکمہ صحت کے افسران اور ویکسینیشن ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت بچوں کے حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع نصیرآباد میں بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے جاری حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام، ویکسینیشن کوریج، فیلڈ سرگرمیوں اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ڈپٹی کمشنر کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)